آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ شال کوئٹہ

Daily SHAL Quetta

www.dailyshal.pk

جلد نمبر 32 | بروز جمعرات 09 جولائی 2020ء بمطابق 17 ذیقعد 1441ھ قیمت 5 روپے | شمارہ نمبر 187

ترقیاتی کاموں میں کوتاہی برداشت نہیں کی جائیگی، وزیراعلیٰ بلوچستان

ناقص کارکردگی پر دو سال کے دوران 36 یکسین اور ایس ڈی اوز کو معطل کیا ہماری دور میں تو سیکرٹریز بھی معطل کئے گئے

صوبائی حکومت نے گزشتہ پی ایس ڈی پی سے ریکارڈ 71 ارب روپے خرچ کئے، سریاب روڈ کی توسیع کا کام 15 دن میں شروع ہو جائیگا

صوبائی حکومت اپنے سالانہ ترقیاتی پروگرام کی مسلسل نگرانی کر رہی ہے، گذشتہ مالی سال میں ہم نے 71 ارب کے ریکارڈ ترقیاتی کام کرائے، جام کمال خان

کوئٹہ (ن ن) وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے کہا ہے کہ ترقیاتی کاموں میں کسی بھی قسم کی کوئی کوتاہی برداشت نہیں کی جائیگی ناقص کارکردگی پر دو سال کے دوران 36 یکسین اور ایس ڈی اوز کو معطل کیا ہماری دور میں تو سیکرٹریز بھی معطل کئے گئے، ہم چاہتے ہیں کام ٹھیک ہو اگر کوئی سمجھتا ہے کہ اسے کوئی بچائیگا تو وہ اس خوش فہمی میں نہ رہے صوبائی حکومت نے گزشتہ پی ایس ڈی پی سے ریکارڈ 71 ارب روپے خرچ کئے، سریاب روڈ کی توسیع کا کام 15 دن میں شروع ہو جائیگا، صوبے میں نئے مالی سال کی اسکیمات کے ٹینڈر شروع کر دیئے گئے ہیں یہ بات انہوں نے بدھ کو نواں کلی بند اوڑک بائی پاس روڈ کی

بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نواں کلی بائی پاس اور اوڑک روڈ کی تعمیر کے منصوبوں کے معائنہ کے موقع پر حکام کو ہدایت دے رہے ہیں

بھارت پاکستان میں دہشتگردی کے واقعات میں براہ راہ ملوث ہے، ضیاء لانگو

افغانستان کے ساتھ سرحد بند ہونے کی وجہ سے دہشتگردی کے واقعات میں واضح کمی آئی ہے، دہشتگرد چمن کا راستہ استعمال کرکے پاکستان آتے تھے اس لیے اب چمن سرحد پر آمد و رفت کے طریقہ کار کو تبدیل کیا جا رہا ہے

سردار اختر جان مینگل کی لاپتہ افراد سے متعلق تعداد نہ تو لواحقین اور نہ ہی انسانی حقوق کمیشن کے پاس ہیں میں سمجھتا ہوں کہ ان کی بتائی ہوئی تعداد حقیقت سے ہٹ کر ہے

کورونا وائرس کی وجہ سے افغانستان سمیت دوسرے ممالک کے ساتھ سرحدیں بند ہونے کے بعد امن و امان سمیت دوسرے پہلوؤں کا جائزہ لینے کے اجلاس ہوتے ہیں، صوبائی وزیر داخلہ

کوئٹہ 8 جولائی: صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا ہے کہ افغانستان کے ساتھ سرحد بند ہونے کی وجہ سے دہشتگردی کے واقعات میں واضح کمی آئی ہے، دہشتگرد چمن کا راستہ استعمال کرکے پاکستان آتے تھے اس لیے اب چمن سرحد پر آمد و رفت کے طریقہ کار کو تبدیل کیا جا رہا ہے، بھارت پاکستان میں دہشتگردی کے واقعات میں براہ راست ملوث ہے اور افغانستان اپنی سرزمین استعمال کرنے کے لیے دے رہا ہے، سردار اختر جان مینگل کی لاپتہ افراد سے متعلق تعداد نہ تو لواحقین اور نہ ہی انسانی حقوق کمیشن کے پاس ہیں میں سمجھتا ہوں کہ ان کی بتائی ہوئی تعداد حقیقت سے ہٹ کر ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے غیر ملکی نشریاتی ادارے کو دیئے گئے خصوصی انٹرویو میں کیا۔ میر ضیاء اللہ لانگو کا کہنا تھا کہ کورونا وائرس کی وجہ سے افغانستان سمیت دوسرے ممالک کے ساتھ

بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: وزیراعظم عمران خان کورونا 19 کی صورتحال کے حوالے سے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

صوبائی حکومت عوام کو بنیادی سہولت کی فراہمی کیلئے کوشاں ہے، بلیدی

وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کی قیادت میں صوبائی حکومت عوام کو ہر ممکن بنیادی سہولت کی فراہمی کے لیئے کوشاں ہے، صوبائی وزیر خزانہ

کوئٹہ (ن ن) صوبائی وزیر خزانہ میر ظہور بلیدی نے انڈیجنس لینڈ کے دفتر کے دورے کے موقع پر یونیسکو کے اشتراک منعقد ہونے والے آن لائن سیشن میں اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ جانے کا حق ہر شہری کا بنیادی جمہوری حق ہے رائٹ ٹو انفارمیشن ایکٹ حکومت بلوچستان

بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

پاک افغان بارڈر بندش کا معاملہ افہام و تفہیم سے حل کیا جائیگا، کیپٹن (ر) فضیل اصغر

سرحد کی بندش سے مقامی لوگوں کا روزگار وابستہ، سینکڑوں خاندان متاثر ہو رہے ہیں

صوبائی حکومت مقامی لوگوں کی فلاح و بہبود کیلئے اقدامات اظہاری ہے، چیف سیکرٹری بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) چیف سیکرٹری بلوچستان کیپٹن (ر) فضیل اصغر کی زیر صدارت منعقد ہونے والے اجلاس میں پاک افغان بارڈر چمن کی بندش سے پیدا ہونے والی صورتحال اور اس مسئلہ کے مستقل بنیادوں پر حل سے متعلق امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ حافظ عبدالباسط، سیکرٹری انڈسٹریز حافظ عبدالماجد، سیکرٹری لیبر بشیر خان بازئی، کمشنر کوئٹہ ڈویژن عثمان علی خان اور انٹیلیجنس اداروں کے حکام نے شرکت کی۔ چیف سیکرٹری نے اجلاس

بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

محترمہ لیلیٰ ترین اور ملک روح اللہ خان ترین کا وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان سے ملاقات

ضلع ہرنائی میں طوفانی بارشوں اور سیلابی ریلوں سے ہونے والے شدید نقصانات سے تفصیل سے آگاہ کیا گیا

ہرنائی (آن لائن) بلوچستان عوامی پارٹی کے خاتون رکن صوبائی اسمبلی محترمہ لیلیٰ ترین، بی اے پی کے ضلع ہرنائی کے ضلعی آرگنائزر ملک روح اللہ خان ترین نے وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان سے ملاقات کی اور انہیں ضلع ہرنائی میں ہفتہ اور اتوار کو طوفانی بارشوں اور سیلابی ریلوں

بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

الیکشن کمیشن کی سکروٹنی کمیٹی کو 17 اگست تک تحریک انصاف پارٹی فنڈنگ کیس کی حتمی رپورٹ جمع کروانے کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) تحریک انصاف کی مبینہ غیر ملکی فنڈنگ کا معاملہ، الیکشن کمیشن کی سکروٹنی کمیٹی کو 17 اگست تک تحریک انصاف پارٹی فنڈنگ کیس کی حتمی رپورٹ جمع کروانے کی ہدایت کی گئی ہے، سکروٹنی کمیٹی کی حتمی رپورٹ کا جائزہ لے کر الیکشن کمیشن فیصلہ کرے گی، الیکشن کمیشن نے 2 جون کو اکبر بابر کی جانب سے دائر 3 درخواستوں پر فیصلہ محفوظ کیا تھا۔

کچی آبادیوں کو جدید خطوط پر ترقی دیکر تمام بنیادی سہولیات فراہم کرنے کی ضرورت ہے، صدر مملکت

ماضی میں معاشرے کے غریب طبقات کو نظر انداز کیا گیا، اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے کچی آبادیوں کو جدید خطوط پر ترقی دیکر ان میں تمام بنیادی سہولیات فراہم کرنے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ ماضی میں معاشرے کے غریب طبقات کو نظر انداز کیا گیا، ان کے معیار زندگی کو بلند کرنے کے لئے اقدامات

بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

پشاور: آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ کو قبائلی اضلاع میں سیکورٹی کی موجودہ صورتحال ترقیاتی کاموں اور سماجی ترقی کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی جا رہی ہے

سلوگن

کرونا وائرس کا اس وقت وہ افراد شکار ہو رہے ہیں، جو افواہوں پر یقین رکھتے ہیں، برائے مہربانی پوری دنیا میں جب تک کرونا وائرس کے خاتمے کا اعلان نہیں ہوتا یا اس کی دوا تشخیص نہیں ہوتی احتیاطی تدابیر کو اپنی روزمرہ زندگی میں عادت بنالیں، اور اس حوالے سے غیر سنجیدہ افراد سے دور رہیں۔

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

زیارت میں گھریلو تنازعہ پر بڑے بھائی کی فائرنگ سے تین بھائی زخمی ہوگئے اور فرار ہوگیا

زیارت (آن لائن) بلوچستان کے ضلع زیارت میں گھریلو تنازعہ پر بڑے بھائی کی فائرنگ سے تین بھائی زخمی ہوگئے اور فرار ہو

بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

میر جعفر خان ہادینی پر نوشکی بازار میں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ، جوئیر جانبر طور پر محفوظ رہے

نوشکی (آن لائن) نوشکی قومی تحریک رہنما میر جعفر خان ہادینی پر نوشکی بازار میں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ، جوئیر جانبر طور پر

بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

محمد نواز شریف کیخلاف تمام جھوٹے کیسز ختم کئے جائیں، سپریم کورٹ آف پاکستان سے اپیل

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے کور کمیٹی کے اراکین نے سپریم کورٹ آف پاکستان سے اپیل کی کہ محمد نواز شریف

بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

بلوچستان بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن شدید مالی بحران کا شکار

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن شدید مالی بحران کا شکار، لاک ڈاؤن کی

بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

وزیراعظم کی تقریر نے کشمیر پر قوم کے جذبات کو ظاہر کرنے کے علاوہ کچھ نہیں کیا، سراج الحق

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان سینیٹر سراج الحق نے کہا ہے کہ وزیراعظم نے کشمیر پر تقریر کے بعد

بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

مزید 83 افراد کورونا وائرس سے چل بسے، جاں بحق افراد کی تعداد 4922 ہوگئی

اسلام آباد (این این آئی) ملک بھر میں چوبیس گھنٹوں میں مزید 83 افراد کورونا وائرس سے چل بسے جس کے بعد جاں بحق

بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

اسپیکر قومی اسمبلی، چیئرمین سینٹ، وزراء اور اراکین اسمبلی کا شاہ محمود قریشی سے رابطہ

اسلام آباد (این این آئی) وزیر خارجہ مخدوم شاہ محمود قریشی کی خیریت دریافت کرنے کیلئے اسپیکر قومی اسمبلی، چیئرمین

بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

چینی انکوائری کمیشن پر عمل درآمد کروانے کے لیے دائر شوگر ملز کی اپیل سماعت کیلئے مقرر

اسلام آباد (این این آئی) چینی انکوائری کمیشن پر عمل درآمد کروانے کے لیے دائر شوگر ملز کی اپیل سماعت کیلئے مقرر کر دی گئی، پانچ

بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر میں 1720 افراد کے جعلی ڈومیسائلز کی تصدیق ہوگئی

تمام اضلاع میں بلوچستان کے کوٹے پر وفاقی محکموں میں ملازمتیں حاصل کرنے والے افراد کی ڈومیسائلز اور لوکل کی دوبارہ تصدیق کا آغاز کر دیا گیا ہے

اب تک صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے 1200 زیارت کے 44، لورالائی میں 130، جعفر آباد کے 79 اور ڈیرہ بگٹی کے 66 افراد کے ڈومیسائلز بوگس نکلے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) جعلی ڈومیسائلز پر وفاقی محکموں اور کارپوریشنوں میں بلوچستان کے کوٹے پر ملازمتیں کرنے والوں میں جاری چھان بین کے دوران کوئٹہ سے 1200، ڈیرہ بگٹی سے 66، لورالائی سے 130، ژوب سے 200، جعفر آباد سے 79 اور زیارت سے 44 افراد کے جعلی ڈومیسائلز کی تصدیق ہوگئی ہیں۔ تفصیلات کے مطابق سیٹیزن آف پاکستان سے قرارداد کی منظوری کے بعد وفاقی محکموں، کارپوریشنوں اور اتھارٹیز میں بلوچستان کے کوٹے پر بھرتی ہونے والے سندھ اور پنجاب سے تعلق رکھنے والے ہزاروں افراد کے ڈومیسائلز کی از سر نو تصدیق کے دوران ہوشربا انکشافات سامنے آگئے

بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

پاک، افغان ایگزیکٹو کمیٹی کا دوطرفہ تجارتی حجم میں ہونے والی کمی پر تشویش کا اظہار

دوطرفہ تجارت جو 5 بلین امریکی ڈالر تھی کم ہو کر 1 بلین ڈالر رہ گئی ہے، اسد قیصر

اسلام آباد (این این آئی) پاک، افغان ایگزیکٹو کمیٹی کے ممبران نے افغانستان اور پاکستان میں تجارتی حجم میں ہونے والی کمی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ دوطرفہ تجارت جو 5 بلین امریکی ڈالر تھی کم ہو کر 1 بلین ڈالر رہ گئی ہے۔ جدہ کو اسپیکر قومی اسمبلی کی زیر صدارت

بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

سمارٹ لاک ڈاؤن کے مثبت نتائج برآمد ہوئے ہیں، عمران خان

وزیراعظم عمران خان کا کورونا کی روک تھام کے حوالے سے مثبت نتائج پر اطمینان کا اظہار

ہمیں اپنے تجربات سے سیکھتے ہوئے انتظامی اقدامات کو مزید موثر بنانا ہوگا، عمران خان کا اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان نے کورونا کی روک تھام کے حوالے سے مثبت نتائج پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ کورونا کا گراف مسلسل نیچے آ رہا ہے ہمیں اپنے تجربات سے سیکھتے ہوئے انتظامی اقدامات کو مزید موثر بنانا ہوگا، این سی او سی کے اجلاس صوبائی دارالحکومتوں میں منعقد کیے جائیں، صوبائی حکومتوں اور انتظامیہ کے ساتھ تعاون اور کوآرڈینیشن سے انتظامی اقدامات کو مزید موثر بنایا جائے۔ بدھ کو وزیراعظم عمران خان کی زیر صدارت کوویڈ کی صورتحال کے حوالے سے جائزہ اجلاس ہوا جس میں وفاقی وزراء محمد حماد اظہر، مخدوم خسرو بختیار، راجا اعجاز احمد شاہ، سید فخر امام، اسد عمر، مشیر عبدالرزاق داؤد، معاونین خصوصی لیفٹیننٹ جنرل (ر) عاصم سلیم باجوہ، شہباز گل، فوکل پرسن ڈاکٹر فیصل سلطان، چیئرمین این ڈی ایم اے لیفٹیننٹ جنرل محمد افضل و دیگر سینئر افسران شریک ہوئے۔ وزیراعظم کو کورونا کی موجودہ صورتحال، علاقائی صورتحال، سمارٹ لاک ڈاؤن حکمت عملی کے مثبت نتائج، ہسپتالوں

بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

امت مسلمہ کے درمیان اتحاد اور اتفاق وقت کی ضرورت ہے، مولانا محمد خان شیرانی

فرقہ واریت اور قوم پرستی کو انسانوں کے درمیان دوری کا باعث نہیں بننا چاہیے، علامہ مقصود علی ڈومکی

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی رہنما مولانا محمد خان شیرانی اور مجلس وحدت المسلمین کے مرکزی ترجمان علامہ مقصود علی ڈومکی نے کہا ہے کہ امت مسلمہ کے درمیان اتحاد اور اتفاق وقت کی ضرورت ہے، ہمیں اتحاد اور وحدت کا پیغام دینا ہے۔ فرقہ واریت اور قوم پرستی کو انسانوں کے درمیان دوری کا باعث نہیں بننا چاہیے دین انسان ذات کے لئے خیر خواہی اور نصیحت کا پیغام ہے۔ گزشتہ روز مجلس وحدت مسلمین پاکستان کے مرکزی ترجمان علامہ مقصود علی ڈومکی نے جمعیت علماء اسلام کے مرکزی رہنما، سابق چیئرمین اسلامی نظریاتی کونسل مولانا محمد خان شیرانی سے ملاقات کی اور ان کے بھائی کی وفات پر تعزیت

بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

بلوچستان میں ٹڈی دل کے تدارک کیلئے علاقوں میں فضائی اور زمینی اسپرے کا سلسلہ جاری ہے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان میں ٹڈی دل کے تدارک کیلئے علاقوں میں فضائی اور زمینی اسپرے کا سلسلہ جاری ہے۔ وفاقی اور صوبائی حکومت کی مشترکہ کاوشوں اور پاک افواج اور ایف سی بلوچستان کے تعاون سے بلوچستان کے ٹڈی دل سے متاثرہ اضلاع میں بھرپور آپریشن جاری ہے۔ آپریشن میں پاک فوج اور ایف سی بلوچستان

بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

حقائق بیان کرتا ہوں تو ایوان میں شور مچ جاتا ہے، غلام سرور خان

ہماری حکومت اصلاحات کی حکومت ہے، اداروں کو ٹھیک کرنا اور پچھلا گند صاف کرنا ہمارا مینڈیٹ ہے، اسمبلی میں خطاب

دو ہزار آٹھ سے اٹھارہ تک خسارہ بڑھا، پی آئی اے میں صفائی کریں گے، ان لوگوں کو بھی ننگا کریں گے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر ہوابازی غلام سرور خان نے کہا ہے کہ حقائق بیان کرتا ہوں تو ایوان میں شور مچ جاتا ہے، ہماری حکومت اصلاحات کی حکومت ہے، اداروں کو ٹھیک کرنا اور پچھلا گند صاف کرنا ہمارا مینڈیٹ ہے۔ بدھ کو وزیر ہوابازی غلام سرور خان نے توجہ دلاؤ نوٹس پر جواب میں کہا کہ حقائق بیان کرتا ہوں تو ایوان میں شور مچ جاتا ہے، ہماری حکومت اصلاحات کی حکومت ہے، اداروں کو ٹھیک کرنا اور پچھلا گند صاف کرنا ہمارا مینڈیٹ ہے، پی آئی اے 462 ارب روپے کی مقروض

بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

پاکستان کا چمن بارڈر پر پیدل آمد و رفت کو قانونی شکل دینے کا فیصلہ

چمن، افغانستان کے ساتھ پاکستان کی 26 سو کلومیٹر طویل سرحد پر دو بڑی سرحدی گزرگاہوں میں سے ایک ہے

چمن سرحد پر بھی طورخم طرز پر آمد و رفت کو قانونی شکل دینے کا اصولی فیصلہ کیا گیا ہے، حاجی آدم خان

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان نے طورخم کے بعد پاک افغان چمن سرحد پر بھی پیدل آمد و رفت اور مقامی سطح کی تجارت کو پہلی بار باضابطہ قانونی شکل دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ حکام کا کہنا ہے کہ آئندہ آمد و رفت صرف پاسپورٹ پر ہوگی، تاہم سرحدی علاقوں کے مکینوں کو محدود رعایت دینے پر غور کرنے کے لیے چیف سیکرٹری بلوچستان کی سربراہی میں کمیٹی تشکیل دے دی گئی ہے۔ حکام کے مطابق یہ فیصلہ افغانستان سے چمن کے راستے دہشتگردوں اور ناپسندیدہ عناصر کے پاکستان میں داخل ہونے کے خدشات اور بڑے پیمانے پر ہونے والی سمگلنگ کے تدارک کے لیے کیا گیا ہے۔ دوسری جانب چمن کے سیاسی، قبائلی اور تاجر رہنماؤں نے خدشہ ظاہر کیا ہے کہ سرحد پر آمد و رفت کو قانونی بنانے اور چھوٹے پیمانے پر ہونے والی تجارت پر بھاری ٹیکسز کے نفاذ سے

بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

پانی اللہ تعالیٰ کا ایک انمول نعمت ہے، ہمیں احتیاط سے اس کا استعمال کرنا ہے، عوامی نیشنل پارٹی

صحت، تعلیم، پانی، مواصلاتی نظام جیسے بنیادی سہولیات کی فراہمی عوامی نیشنل پارٹی کی اولین ترجیح ہے

کوئٹہ (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ پانی اللہ تعالیٰ کا ایک انمول نعمت ہے، ہمیں احتیاط سے اس کا استعمال کرنا ہے، صحت، تعلیم، پانی، مواصلاتی نظام جیسے بنیادی سہولیات کی فراہمی عوامی نیشنل پارٹی کی اولین ترجیح ہے، پارٹی قائدین، اکابرین اور کارکنوں کی جدوجہد رنگ لائے گی، خیبر افغان باچاخان سے ورثے میں ملی عوام کی خدمت کا سلسلہ جاری رہے گا، عوام کی جانب سے کئے گئے اعتماد پر پورا اترنے کی ہر ممکن کوشش کریں گے، اس موقع

پر صوبائی وزیر بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: صدر مملکت عارف علوی سے گورنر سندھ عمران اسماعیل ملاقات کر رہے ہیں

کوئٹہ بجلی کی 2 روز سے بندش کیخلاف دکانداروں کا احتجاج، مناچوک بند کر دیا

سڑک کے چاروں اطراف میں گاڑیوں کی لمبی لمبی لائنیں لگ گئیں اور شہریوں کو شدید گرمی میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑا

جناح روڈ کی بجلی گزشتہ دو روز سے خراب ہے لیکن کیسکو حکام کے کانوں پر جوں تک نہیں رینگ رہی ہے، مظاہرین

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ جناح روڈ پر بجلی کی دو روز سے بندش کے خلاف دکانداروں نے احتجاجاً مستان چوک کو رکاوٹیں کھڑی کر کے بند کر دیا جس سے سڑک کے چاروں اطراف میں گاڑیوں کی لمبی لمبی لائنیں لگ گئیں اور شہریوں کو شدید گرمی میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ تفصیلات کے مطابق بدھ کو کوئٹہ جناح روڈ کے دکانداروں اور تاجروں نے گزشتہ دو روز سے بجلی کی بندش کے خلاف احتجاجاً مستان چوک کو رکاوٹیں کھڑی کر کے بند کر دیا اور کیسکو حکام کے خلاف شدید نعرے بازی کی۔ دکانداروں اور تاجروں کا کہنا تھا کہ جناح روڈ کی بجلی گزشتہ دو روز سے خراب ہے لیکن کیسکو حکام کے کانوں پر جوں تک نہیں رینگ رہی ہے میڈیکل اسٹوروں کے فریجوں میں پڑی لاکھوں روپے مالیت کی ادویات خراب ہو رہی ہیں اور ہم نے مجبور ہو کر احتجاج کا فیصلہ کیا۔ مستان چوک ہر قسم کی ٹریفک کیلئے بند ہونے کی وجہ سے چاروں اطراف میں گاڑیوں کی لمبی لمبی لائنیں لگ گئیں اور شہریوں کو شدید گرمی میں مشکلات

بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

کسی مذہب کو کسی مذہب پر فوقیت حاصل نہیں، خواجہ آصف

مذہب نہیں آئین کے تناظر میں کہا تھا پاکستان میں رہنے والے پاکستانیوں کو کسی پر کوئی فوقیت حاصل نہیں

مندر سرکاری خرچ سے بن سکتا ہے یا نہیں اسلامی نظریاتی کونسل جو فیصلہ کریگی عمل کریں گے، پیر نور الحق قادری

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد میں مندر کی تعمیر کا معاملہ پارلیمنٹ میں اٹھ گیا، مسلم لیگ ن کے پارلیمانی لیڈر خواجہ آصف نے کہہ دیا ہے کہ کسی مذہب کو کسی مذہب پر فوقیت حاصل نہیں جبکہ ایم ایم اے اور پی ڈی اے کے ارکان نے خواجہ آصف پر چڑھائی کر دی کہا الفاظ واپس لو یا وضاحت کرو اسلام کو باقی مذاہب پر فوقیت حاصل ہے جس پر خواجہ آصف نے وضاحت کر دی کہا انہوں نے مذہب نہیں آئین کے تناظر میں کہا تھا کہ پاکستان میں رہنے والے پاکستانیوں کو کسی پر کوئی فوقیت حاصل نہیں، وزیر

بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

چمن بارڈر پر آمد و رفت کیلئے پاسپورٹ کا نظام رائج کرنا ممکن نہیں، اچکزئی

سرحدی کاروبار سے قلعہ عبداللہ کے 20 سے 25 ہزار خاندانوں کا براہ راست روزگار وابستہ ہے

بے روزگاری بڑھی تو دشمن قوتیں بے روزگار نوجوانوں کو اپنے مقاصد کے لیے استعمال کر سکتی ہیں، غیر ملکی میڈیا سے بات چیت

کوئٹہ (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کے پارلیمانی لیڈر و صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی نے کہا ہے کہ پاک افغان چمن سرحد پر آمد و رفت کے لیے مکمل طور پر پاسپورٹ کا نظام رائج کرنا ممکن نہیں، سرحدی کاروبار سے قلعہ عبداللہ کے 20 سے 25 ہزار خاندانوں کا براہ راست روزگار وابستہ ہے، کوئٹہ سمیت صوبے کی معیشت کا بڑا حصہ سرحدی تجارت پر انحصار کرتا ہے بلکہ چمن کی تو تقریباً 98 فیصد آبادی کا ذریعہ معاش یہی سرحد ہے، اسلام آباد یا کوئٹہ میں بیٹھ کر ہزاروں لاکھوں لوگوں کا روزگار چھیننے اور چمن سرحد سے متعلق سخت فیصلے دانشمندانہ ثابت نہیں ہوں گے بلکہ اس بلوچستان کے پشتون علاقوں میں بھی بلوچ علاقوں جیسے حالات پیدا ہوں گے، بے روزگاری بڑھی تو دشمن قوتیں بے روزگار نوجوانوں کو اپنے مقاصد کے لیے استعمال کر سکتی ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے غیر

بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

بلوچستان میں 70 لاکھ لوگوں کو کورونا وائرس سے متعلق آگاہی فراہم کر چکے ہیں، نادر گچکی بزنجو

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان رورل سپورٹ پروگرام (بی آر ایس پی) کے چیف ایگزیکٹو آفیسر نادر گچکی بزنجو نے کہا ہے کہ بلوچستان میں 70 لاکھ لوگوں کو کورونا وائرس سے متعلق آگاہی فراہم کر چکے ہیں، اس وقت 55 فیصد لوگ غربت کی لکیر کے نیچے زندگی گزار رہے ہیں تاہم ماضی کے مقابلے میں شرح میں بہتری آئی ہے یہ بات بلوچستان

بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

ہرنائی میں طوفانی بارش اور سیلاب سے ہونے والی نقصانات کا ازالہ کیا جائے، مولانا عبدالقادر لونی

گھروں، دکانوں اور زرعی زمینوں میں پانی داخل ہونے سے بڑے پیمانے پر نقصان ہوگیا

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی کنوینر مولانا عبدالقادر لونی، مرکزی جنرل سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی، مرکزی نائب امیر مولانا عبدالرؤف، مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی، صوبائی کنوینر مفتی شیخ الدین، ڈپٹی کنوینر حاجی عبیداللہ حقانی، ضلعی کنوینر ملا محمد امین مسلم یار، معاون کنوینر حاجی حیات اللہ کاکڑ و دیگر نے کہا کہ ہرنائی میں طوفانی بارش اور سیلاب سے ہونے والی نقصانات کا ازالہ کیا جائے گھروں، دکانوں اور زرعی زمینوں میں پانی داخل

بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء لانگو سے رکن صوبائی اسمبلی ثمین خلجی ملاقات کر رہے ہیں

ضلع دکی میں مقامی کوئلہ کان میں لفٹ کی رسی ٹوٹنے سے ایک کانکن جاں بحق

دکی (آن لائن) بلوچستان کے ضلع دکی میں مقامی کوئلہ کان میں لفٹ کی رسی ٹوٹنے سے ایک کانکن جاں بحق جبکہ کئی کانکن لفٹ میں مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک شخص زخمی ہوگیا ہے۔ پولیس کے مطابق گزشتہ روز ضلع دکی کے مقامی کوئلہ کان میں لفٹ گرنے سے ایک کانکن عبدالصمد ولد محمد راز

بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

بھارتی جاسوس کلبھوشن یادیو نے سزا پر نظر ثانی کی اپیل دائر کرنے سے انکار کر دیا، زیر التوا رحم کی اپیل کے فالو اپ کا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) ایڈیشنل اٹارنی جنرل احمد عرفان نے کہا ہے کہ پاکستان میں گرفتار اور سزا یافتہ را ایجنٹ اور جاسوس کلبھوشن یادیو نے اپنی سزا کے خلاف نظر ثانی اور اس پر دوبارہ غور کے لیے اپیل دائر کرنے سے انکار کر دیا اور اس کے بجائے اپنی زیر التوا رحم کی اپیل کے فالو اپ کا فیصلہ کیا ہے، آرڈیننس کے سیکشن 20 کے

بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

گفتار کے ان غازیوں کے پاس کوئی وژن ہے، صادق عمرانی

تبدیلی کا جھانسا دیکر عوام کے معاشی و سیاسی استحصال کی ایک نئی تاریخ رقم کی گئی

کوئٹہ (آن لائن) تہبو (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن صادق عمرانی نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی شہیدوں کو اپنے ذاتی مفادات کی بھینٹ چڑھا کر انہیں مفلوج بنانے والے روزگار، معاشی و اقتصادی سرگرمیوں میں تیزی کے صرف لفاظی دعوے تک محدود ہیں۔ گفتار کے ان غازیوں کے پاس کوئی وژن ہے نہ ہی اسے پورا کرنے کی کوئی اہلیت ہے۔ قوم جانتی ہے کہ انہیں صرف نظریہ ضرورت یا بحالت مجبوری قوم پر مسلط کیا گیا ہے کیونکہ پیپلز پارٹی کی حضوری میں اپنا کوئی ثانی نہیں رکھتے۔ اقتدار

بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

نیب کی جانبدارانہ کارروائیوں سے انتقام کی بو آ رہی ہے، سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی

کچھ کرپٹ حکومت کی گود میں پناہ لیا ہے اور اپنے کرپشن چھپانے کیلئے دوسروں کو نشانہ بنایا جا رہا ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی، صوبائی کنوینر ملا محمد امین مسلم یار، ڈپٹی کنوینر حاجی عبیداللہ حقانی و دیگر نے کہا کہ نیب کی جانبدارانہ کارروائیوں سے انتقام کی بو آ رہی ہے مالم جبہ، بی آر ٹی اور بلین ٹری سونامی کیس، چینی اور آٹا بحران میں ملوث ہونے کی رپورٹ آنے کی باوجود آج بھی نیب کی اختیاری دسترس سے باہر ہیں نیب کی ڈوریں مقتدر قوتوں کی ہاتھ میں ہے آج بھی بڑے بڑے کرپٹ مافی

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.pk

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

09 جولائی 2020ء

ترقیاتی منصوبے پر سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا

وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے کہا ہے کہ ترقیاتی کاموں میں کسی بھی قسم کی کوئی کوتاہی برداشت نہیں کی جائیگی ناقص کارکردگی پر دو سال کے دوران 36 کمیشن اور ایس ڈی او زکو معطل کیا ہماری دور میں تو سیکرٹریز بھی معطل کئے گئے، ہم چاہتے ہیں کام ٹھیک ہو اگر کوئی سمجھتا ہے کہ اسے کوئی بچالیگا تو وہ اس خوش فہمی میں نہ رہے صوبائی حکومت نے گزشتہ پی ایس ڈی پی سے ریکارڈ 71 ارب روپے خرچ کئے، سریاب روڈ کی توسیع کا کام 15 دن میں شروع ہوجائیگا، صوبے میں نئے مالی سال کی اسکیمات کے ٹینڈر شروع کردیئے گئے ہیں 6 اعشاریہ 9 کلومیٹر پر محیط دو رویہ سڑک منصوبے کا آغاز رواں سال فروری کے مہینے میں کیا گیا تعمیراتی منصوبے پر 732 ملین روپے کی لاگت آئے گی جو دسمبر 2020 تک مکمل ہوگا، کوئٹہ میں کافی ترقیاتی کام ہورہے ہیں نواں کلی ہنہ اوڑک روڈ کے کام میں تھوڑی سی کوتاہی نظر آئی تھی جس کو سختی سے درست کرنے کا کہا ہے، ہم نے اینٹی کرپشن اور وزیراعلیٰ معائنہ ٹیم کو متحرک کیا ہے صوبائی حکومت نے اب تک 68 انجینئر بنائے ہیں پہلی بار اتنے بڑے پیمانے پر گڈ گورننس کے لئے اقدامات کئے جارہے ہیں ہم چاہتے ہیں کام ٹھیک ہو اگر کوئی سمجھتا ہے کہ اسے کوئی بچالیگا تو وہ اس خوش فہمی میں نہ رہے اب لوگ کام کرنے پر سنجیدہ ہیں کیونکہ انہیں معلوم ہے اب کام کی نگرانی ہورہی ہے پیسے واپس کئے جارہے ہیں اور تحقیقات بھی ہوتی ہیں یہاں لوگوں کا ذہن بنا ہوا ہے کہ کام ہونا چاہیے چاہے جیسا بھی ہو اگر اب ایسا نہیں ہوگا کام بھی ہوگا اور کوالٹی بھی آئے گی ماضی میں موثر نگرانی نہ ہونے کی وجہ سے صوبے نے بہت کچھ بھگتا ہے چاہیے وہ جعلی ڈگری کی وجہ سے یا جعلی ڈومیسائل کی وجہ سے ہو صوبے میں 300 اسکیمات کی نشاندہی کی گئی ہے جن میں کوتاہیاں پائی گئی ہیں ان اسکیمات کی تحقیقات کے حوالے سے طریقہ کار بنایا جارہا ہے۔

کوئٹہ سڑکوں کی توسیع وتعمیر اور کینسر ہسپتال کی تعمیر

موجودہ حکومت نے شروع دن سے ٹریفک نظام کی بہتری اور شہر کی سڑکوں کو توسیع دینے کا فیصلہ کیا ہے اور شہر میں سڑکوں کی توسیع کیلئے

بشیر احمد بزنجو انفارمیشن آفس کوئٹہ/اسٹرکٹ

وسیع پیمانوں پر منصوبوں کا آغاز کردیا ہے ان سڑکوں میں سریاب روڈ، جوائنٹ روڈ، سبزل روڈ، نواں کلی بائی پاس، سمنگلی فلائی اوور کے علاوہ مغربی اور مشرقی بائی پاس کو شہر کے مختلف راستوں سے منسلک کرنا شامل ہے صوبائی حکومت نے وزیراعلیٰ جام کمال خان کی قیادت میں ان منصوبوں پر کام کا آغاز کر دیا ہے کوئٹہ شہر میں شامل منصوبوں میں 5 ارب روپے کی لاگت سے جوائنٹ روڈ کی توسیع وتعمیر 4.814 ارب روپے کی لاگت سے سبزل روڈ کی توسیع وتعمیر اور بہتری کے منصوبے شامل ہیں جن کے لیے فنڈز صوبائی حکومت نے فراہم کیے ہیں صوبائی حکومت کے فنڈ سے نئے منصوبوں میں سریاب روڈ پر 5.4 ارب روپے کی لاگت سے توسیعی کام کیا جارہا ہے۔ مغربی اور مشرقی بائی پاس کو منسلک کرنے کے لئے مختلف مقامات پر نئی سڑکوں کی تعمیر، جس میں لنک بائی پاس روڈ بنانے کے لئے 2.7 ارب روپے کی لاگت سے ہزارہ ٹاؤن مغربی بائی پاس سے مشرقی بائی پاس کو منسلک کرنے کے لیے سڑک کی تعمیر، ڈیڑھ ارب روپے کی لاگت سے سریاب روڈ ریڈیو سٹیشن سے مغربی بائی پاس کو منسلک کرنے کے لیے سڑک کی تعمیر کے منصوبے شامل ہیں۔ مزید برآں ایک ارب روپے کی لاگت سے سریاب کی سڑکوں اور نالیوں کا کام جاری ہے۔ جوائنٹ روڈ کو دو رویہ کرنے کا منصوبہ سریاب چھاؤنی سے تا بے نظیر پل تک جب کہ ایئر پورٹ روڈ کی تعمیر وتوسیع کا منصوبہ جو تقریباً 23 کروڑ روپے کی لاگت سے مکمل کیا گیا ان منصوبوں میں سڑک کی توسیع کے علاوہ نواں کلی ٹریفک کے لیے بولرز کی تعمیر، اسٹریٹ لائٹس کی تنصیب، فٹ پاتھ اور گرین بیلٹ بھی شامل ہیں منصوبے کی تکمیل سے ٹریفک کی روانی میں پیدا ہونے والی رکاوٹوں کا مکمل طور پر خاتمہ ہوا ہے جو کہ شہر کی خوبصورتی میں اضافے کے لیے بھی اہمیت کا حامل ہے۔ مزید برآں ان منصوبوں میں 50 کروڑ کی لاگت سے 16 سپورٹس کمپلکس اور 7 پارکوں کی تزین آرائش شامل ہیں۔ اس کے علاوہ سرکی روڈ' سمنگلی روڈ' بروری روڈ' ہنیل روڈ اور پرنس روڈ کی توسیع اور وسعت کے لیے خطیر رقم رکھی گئی ہے۔ جس کے لئے لینڈ ایکوزیشن اور یوٹیلٹی اداروں کو رقوم منتقل کردی گئی ہیں۔ جبکہ وزیراعلیٰ بلوچستان نے نواں کلی بائی پاس کی تعمیر جس پر لاگت 43 کروڑ روپے ہے جو کہ اس سال دسمبر تک مکمل ہوگا اس منصوبے میں نواں کلی سے ایئر پورٹ روڈ تک لنک روڈ بھی تعمیر کیا جائے گا جبکہ اس منصوبے سے لوگوں کو شہر اور دیگر علاقوں میں آنے جانے میں آسانی ہوگی اس کے علاوہ ہنہ روڈ کو بھی دو رویہ بنایا جائے گا تاکہ لوگوں کو آسانی ہو سکے شہر میں بائی پاس کی توسیع سے بڑی گاڑیاں شہر کی بجائے اپنی سڑکوں سے گزرے گی جس سے شہر میں ٹریفک کے مسائل کم ہونگے اس کے علاوہ نواں کلی، سبزل روڈ، جوائنٹ روڈ، سریاب روڈ، مشرقی اور مغربی بائی پاس کو منسلک کرنے کے لئے چار لنک روڈز کے منصوبوں پر بھی کام ہورہا ہے سریاب روڈ توسیعی منصوبہ نہایت ہی اہمیت کا منصوبہ ہے کیونکہ شہر میں قریبی اضلاع سے ہزاروں، لاکھوں لوگ اس سڑک کے ذریعے سے شہر میں داخل ہوتے ہیں لہذا اس سڑک کی توسیع ضروری ہے اس مقصد کیلئے سریاب روڈ کو چو رویہ تعمیر کیا جائے گا جس پر کام مختلف مراحل میں جاری ہے سمنگلی فلائی اوور بھی شہر میں ٹریفک کی بہتری کے لئے اہم منصوبہ ہے جس پر 260 ملین روپے لاگت آئے گی اور یہ منصوبہ جون 2021 تک مکمل کرنے کا ہدف ہے جس سے سمنگلی روڈ پر ٹریفک کے مسائل کافی حد تک حل ہونگے جبکہ ان منصوبوں پر حائل رکاوٹوں کو دور کرکے کام جلد شروع کروایا جائے گا اس روڈ کی تعمیر سے ہیوی ٹریفک بآسانی سمنگلی روڈ، ائیر پورٹ روڈ، سبزل روڈ، یونیورسٹی چوک، سریاب روڈ سے قمبرانی روڈ تک جاسکے گی صوبہ بھر خصوصاً کوئٹہ کی عوام کے دیرینہ مطالبات اور مسائل کے حل کے سلسلے میں صوبائی حکومت نے کینسر جیسے خطرناک مرض کے علاج ومعالجہ کے لیے صوبے کا پہلا کینسر ہسپتال جو شیخ زید ہسپتال کے قریب بنایا جائے گا اس منصوبے پر 1558 ملین روپے کی لاگت آئے گی جو کہ دو سال کی مختصر مدت میں مکمل ہوکر صوبے کی عوام کے دیرینہ مطالبہ کو پورا کریگا یہ کینسر ہسپتال اپنی نوعیت کا پہلا ہسپتال ہوگا جہاں لوگوں کی مہلک بیماریوں کی تشخیص کی سہولیات فراہم کی جائیگی اس سے قبل صوبے کے لوگ علاج معالجہ کے لئے ملک کے دیگر صوبوں کے ہسپتالوں کا رخ کرتے تھے جس پر خطیر رقم خرچ ہوتی تھی دو سال میں مکمل ہونے والے کینسر بلاک میں او پی ڈی کے 2 یونٹ، 40 بستروں پر مشتمل 4 وارڈز، آپریشن تھیٹر کے علاوہ تشخیص، جدید علاج، ریڈیالوجی اور پیتھالوجی سمیت کینسر کے علاج کی دیگر تمام سہولیات دستیاب ہونگی اس منصوبے کی تکمیل سے کینسر کے مریضوں کا بہترین علاج ممکن ہو سکے گا جبکہ حکومت صوبے میں صحت کے شعبے میں واضح تبدیلی لائی جارہی ہے ہسپتالوں میں سہولیات کی فراہمی، بہترین علاج، ادویات کی فراہمی سمیت ڈاکٹرز اور دیگر پیرا میڈیکس اسٹاف کی تعیناتی کیلئے اہم اقدامات کیے جارہے ہیں۔

کرونا کے دوران معمولات؟

معلوم نہیں افواہ ہے یا حقیقت کوئی نہیں جانتا ان آبادیوں میں سے اسوقت ہر دسواں شخص بلکے بخار اور سونگھنے اور چکھنے کی حس سے محرومی کا شکار ہے جسم میں درد یا شدید سر درد بھی عمومی علامات جو لوگ محسوس کررہے ہوں انہیں انتہائی احتیاط کی ضرورت ہے کچھ ماہرین کا کہنا ہے کہ جو



ابتدائی سٹیج پر ہیں وہ ابھی کرونا ٹیسٹ مت کروائیں کیونکہ اس سے نفسیاتی طور پر ان کی قوت مدافعت متاثر ہوسکتی ہے دوسرا ہسپتالوں پر غیر ضروری بوجھ پڑھنے سے خوف وہراس پھیل سکتا ہے حروف عام میں جن لوگوں کو کرونا کا آغاز ہوسکتا ہے وہ فوری طور پر اپنے ہی گھر میں آکسولیشن کرلیں کرونا وائرس اتنا خوفناک نہیں ہے جتنا اس سے خوف زدہ ہونا ہے ایسے لوگ اپنے لئے تو خطرناک ہی ہیں وہ اپنے گھر والوں کیلئے بہت خطرناک ثابت ہوسکتے ہیں یاد رکھیں اس وباء سے بچنے یا مقابلہ کا ایک ہی طریقہ ہے اور وہ ہے اپنے حواس قابو میں رکھ کر اپنی ایمونٹی پاور کو بڑھانا۔ ایمونٹی پاور کو غذا سے بڑھایا جاسکتا ہے۔ اور اسوقت بہترین غذا وہ ہے جو پروٹینز اور فائبر پر مشتمل ہو۔

آپ کو ڈائیٹ پلان جو اس وباء میں بہت فائدہ دے گا اور گارنٹی رزلٹ 2 سے 3 دن میں نظر آجائے گا۔ ماہرین نے تجویز کیا ہے کہ ناشتہ میں کم از کم ابلے انڈوں کی سفیدیاں کھانی چاہئیں زردی استعمال نہ کریں اس کو ضائع بھی نہ کریں بلکہ جانوروں کو کھلا دیں اگر آپ کے گھر جانور نہیں ہیں تو پھر چھت پر پرندوں کو ڈال دیں ابلے ہوئے دو انڈوں سے آپ کو 18 گرام پروٹینز مل سکتی ہے اس کے علاوہ دلیہ Quackers کا بہترین نہیں تو faujiٹ والوں کا لیں 240ml کے کپ میں اور 1.5 گلاس دودھ میں پکالیں اس میں بادام اور کشمش اور اگر ہو سکے تو دوسرے میوہ جات شامل کریں اگر میوہ جات نہیں تو آم یا sweet corns شامل کر لیں۔ یہ ایک کپ اپنے اندر ڈرائی فروٹس کیساتھ کم از کم 22 گرام پروٹین اور کوئی 10 گرام ہائی فائبر رکھتا ہے اور یہ ایک فرد کی خوراک کے لئے کافی ہوتا ہے اس کے ساتھ ساتھ روزانہ ایک آم کاٹ کر کھائیں ساتھ میں پیلی خوبانی 4 عدد وٹامن A کا بہترین سورس ہے صرف ایک بڑے آم میں 72% وٹامن A اور ایک چھوٹی خوبانی میں 13% وٹامن A ملتا ہے جو اپنی ایمونٹی بڑھانے کا اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔ اگر ایک عدد آڑو بھی لیا جائے تو یہ سونے پر سہاگے والی بات ہے ویسے بھی شوگر کے مریضوں کے لئے آڑو بہترین ہے جبکہ دوپہر کے کھانا میں مصالحے دار مرغن غذا سے بالکل پرہیز کریں اور کھانا ہلکے oil میں کھانا بنائیں۔ وسائل اجازت دیں تو مٹن کا سوپ یا خالص دیسی چکن میں کالی مرچوں کا استعمال کریں اگر بیف کھائیں تو صرف بچھڑے کا قیمہ کالی مرچوں میں پکائیں۔ صرف روٹی چکی کے آٹے کی کھائیں آبکل کے ماحول میں سفید آٹا زہر کے مترادف ہے سلاد میں پیاز، لیموں، کھیرا، گاجر، اور پودینہ ضرور استعمال کریں۔ اگر کر سکیں تو لہسن کی پوتھیاں یعنی ڈلیاں سلاد میں بغیر کاٹے مکس کر کھالیں اچھی طرح چبا کر کھانے سے سانس پھولنا کا بہترین نیچرل علاج ہے اس سے سانس کی دشواری کا مسئلہ کافی حل ہو جائے گا۔ پیٹ کے مسائل گیس، تبخیر، قبض سے نجات کیلئے صنعا کی کا قہوہ ایک ہفتہ میں دو سے تین بار پینا فائدہ مند ہے جبکہ روزانہ لیمن گراس کا قہوہ دارچینی، اجوائن، پودینہ، چھوٹی الائچی کو دس سے پندرہ منٹ جوش دے کر شہد یا چینی کیساتھ ضرور پئیں۔

ملٹی وٹامنز تو تقریباً آپکے پھلوں سے پورے ہو جائیں گے پھر بھی بہتر ہے اگر کیلشیم cac ایک ٹیبلیٹ روز کوئی 5 یا 6 ہفتے استعمال کریں۔ کوئی بھی دوا ڈاکٹر کے مشورہ کے بغیر ہرگز ہرگز استعمال نہیں کرنی چاہیے زنک بہترین سپلیمنٹ ہے ایمونٹی کو بڑھانے اور نیچرل گروتھ اور ہڈیوں کی مضبوطی کے لئے 1 ٹیبلیٹ دوپہر کے کھانے کے فوراً بعد لیں۔ خالی پیٹ مت کھائیں بہترین زنک ٹیبلٹس Nutrifactor ki NU zinc ہے بڑے ایک گولی روزانہ کی بنیاد پر استعمال کریں۔ اگر منہ کا ذائقہ خراب ہو اور سونگھنے چکھنے کی حس ختم ہورہی ہو تو AZOMAX MG500 پہلے 3 دن روزانہ ایک ٹیبلٹ استعمال کرکے دیکھیں ان شاء اللہ بہتری ہوگی پھر وضاحت ضروری ہے کہ کوئی بھی دوا ڈاکٹر کے مشورہ کے بغیر ہرگز ہرگز استعمال نہیں کرنی چاہیے۔ اسکے علاوہ اسٹیم ہر 2 گھنٹے بعد اور غرارے ایک گھنٹہ بعد کریں قہوہ، چائے، کافی کا استعمال زیادہ کردیں موجودہ حالات میں ٹھنڈا کھانا بالکل نہ کھائیں بہت زیادہ ٹھنڈے پانی پینے سے بھی گریز کریں ہلکی پھلکی ورزش جس میں پسینہ آئے صبح یا شام کا معمول بنالیں اور صبح کی سیر یقینی بنائیں چاہے کمزوری کیوجہ 100 قدم ہی کیوں نہ چلیں اور گہرے سانس لیں اور باہر خارج کریں کوئی 20 مرتبہ یہ lungs کی ایکسرسائز کریں۔ سیر کیلئے باہر جانا نہیں چاہتے تو گھر کے صحن یا چھت پر چہل قدمی کریں خصوصاً رات کا کھانا کھانے کے بعد ضرور ایسا کریں اس کے ساتھ ساتھ روحانی علاج کی طرف بھی توجہ دیں جتنا آپ ظاہری علاج، پرہیز اور احتیاط پر توجہ دے رہے ہیں اس سے دوگنا روحانی طاقت کو یکجا کرنے پر توجہ دیں۔ سادہ سا اصول یاد رکھیں وضو جوانوں کی طرح کریں عبادت بوڑھوں کی طرح اور دعا بچوں کی طرح مانگیں۔ اللہ تعالیٰ مہربانی کردے گا۔ کوشش کریں کوئی نماز قضا نہ ہو۔

قرآن پاک کی تلاوت کا معمول کریں۔ ذکر اذکار میں ہر نماز کے بعد 1 تسبیح استغفار اور درود ابراہیمی کو اپنا معمول بنالیں اور سات مرتبہ یہ درود پاک ہر نماز کے بعد پڑھنے سے قدرتی طور پر روحانی طاقت حاصل ہوتی ہے۔ کرونا کا واحد علاج احتیاط ہے روزانہ نہائیں 5 مرتبہ وضو کرنے سے بھی آپ کو جسمانی صفائی، روح کی پاکیزگی اور اطمینان قلب نصیب ہوگا اللہ تعالیٰ کے اپنے اہل خانہ، عزیز واقارب، اور محلے داروں کیلئے صحت، تندرستی کیلئے دعا کرتے رہیں۔

☆☆☆☆☆

دہر میں اسم محمد ﷺ سے اجالا کردے

نبی رحمت ﷺ کہیں سے تشریف لارہے تھے راستے میں عمر بن ہشام (ابوجہل) مل گیا آپ ﷺ نے اسے پھر اسلام قبول کرنے کی دعوت دی۔۔ اس نے کہا سنیئے اگر تم مجھے یہ بتادو کہ میری مٹھی

میں کیا ہے تو میں مسلمان ہو جاؤں گا۔۔ آپ ﷺ نے تبسم فرما کر کہا میں بتاؤں یا جو چیز تمہاری مٹھی میں ہے وہ خود بتادے۔

یہ تو زیادہ بہتر ہے ابوجہل بولا۔ نبی رحمت ﷺ نے اشارہ کیا ابوجہل کی مٹھی میں بند کنکریاں پکار اٹھیں لاالٰہ الا اللہ محمدالرسول اللہ۔ عمر بن ہشام کی جہالت دیکھئے اس نے ڈھٹائی سے کہا اب مجھے یقین ہوگیا ہے کہ (معاذاللہ) تم واقعی جادوگر ہو۔ آپ ﷺ نے مسکرا کر جواب دیا تم واقعی ابوجہل ہو۔ اس دن سے پوری دنیا عمر بن ہشام کو ابوجہل کہنے لگی۔ اکثر سوچتا رہتا ہوں نبی رحمت ﷺ کے بغیر دنیا میں کتنی جہالت ہوتی اس کا اندازہ بھی نہیں لگایا جا سکتا۔ آپ کی واضح تعلیمات، ارشادات اور اشارات کے باوجود اس دنیا میں کتنا ظلم، کتنی بربریت اور کس قدر بے رحمی ہے دنیا بھر کے مسلمانوں کے قول وفعل میں کتنا تضاد ہے کہیں فرقہ واریت، لسانی جھگڑے معمول بن گئے ہیں بیشتر اسلامی ممالک میں کہیں جمہوریت۔ کہیں خلافت۔ کہیں بادشاہت اور کہیں اسلام کے نام پر قتل وغارت، منافقت، سازشیں اور ظلم کا دور دورہ ہے۔ نبی رحمت ﷺ نے مسلمانوں کو ایک ہونے کا حکم دیا ہے ہم گروہ در گروہ اور تقسیم در تقسیم ہوتے چلے جارہے ہیں اور کسی کو مطلق احساس تک نہیں کہ یہ سب اسلامی تعلیمات کے منافی ہے۔ جو نبی پوری دنیا کیلئے رحمت بن کر آیا جس نے واضح حکم دیا کہ کافروں سے جنگ کے دوران بھی ان کی عورتوں اور بچوں کو قتل مت کرنا۔ جس ﷺ نے فرمایا دوسروں کیلئے بھی وہی چیز پسند کرو جو اپنے لئے پسند کرتے ہو۔ ان کا ﷺ کا ارشاد گرامی ہے مسلمان وہ ہے جس کی زبان اور ہاتھ سے دوسرے محفوظ رہ سکیں۔۔ جس ﷺ نے کہا میانہ روی اختیار کرو یہی تمہارے لئے بہتر ہے۔۔ وہ نبی ﷺ جس نے فتح مکہ کے دوران اپنے بدترین دشمنوں کو بھی معاف کردیا۔۔ اور وہ نبی ﷺ جس نے فرمایا مسلمان آپس میں بھائی بھائی ہیں ہم بھائی بھائی تو کیا انسان کے درجے بھی گر گئے حیف صد حیف ہم نے ان ﷺ کی تعلیمات کو بھلا ڈالا۔ آپ ﷺ کی تلقین کو فراموش کردیا ہمارے قول وفعل نے لوگوں کو اسلام سے متنفر کرنے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی۔۔ موقع جان کر اسلام دشمنوں نے نبی رحمت ﷺ کے دین کو دہشت گردی سے منسوب کردیا ہم نے پھر بھی کوئی سبق یا عبرت حاصل کرنے کی کوشش نہیں کی۔۔ آپ ﷺ نے تو حکم دیا کمزوروں درگذر کرو اور ہم ہیں کہ کمزوروں پر غصہ ہی بہت آتا ہے اور ہمیں اپنے سے طاقتور پر ترس اس سے بھی زیادہ۔ نبی رحمت ﷺ کی تعلیمات کو بھلا دینے کے نتیجے میں دنیا بھر کے مسلمان ایک ایسے دوراہے پر جا کھڑے ہوئے ہیں جہاں انہیں کہیں بھی پناہ نہیں مل رہی عراق، مقبوضہ کشمیر، شام، فلسطین، افغانستان، پاکستان اور دیگر کئی اسلامی ممالک سال ہا سال سے جنگ کا میدان بنے ہوئے ہیں پوری دنیا میں ہر طرف مسلمانوں کے خون کی ہولی کھیلی جارہی ہے مسلمان اس جنگ کا ایندھن بنے ہوئے ہیں ہمیں تو حکم دیا گیا ہے کہ اللہ کی رسی کو مضبوطی سے تھامے رکھو اور تفرقہ بازی میں نہ پڑو۔ لیکن ہم مسلمانوں نے تفرقہ بازی کو ہی دین سمجھ لیا ہے۔ دین کی اساس بھی۔ کوئی غور کرنا پسند ہی نہیں کرتا مسلم ممالک میں سیاسی بے چینی، معاشی عدم استحکام، دھماکے، خودکش حملے، انتہا پسندی، اشرافیہ کا انتہائی طاقتور نیٹ ورک اور حکمرانوں کی ہر قیمت پر اقتدار میں رہنے کی خواہش نے انہیں اغیار کا دست نگر بنا کر رکھ دیا ہے۔ پاکستان میں تواریوں ڈالر قرضے لینے کے باوجود عوام کی حالت بہتر ہوئی نہ ملک اقتصادی طور پر مضبوط بلکہ ملکی معیشت کی حالت دن بہ دن پتلی ہوتی جارہی ہے عراق، فلسطین، لیبیا، شام، افغانستان اور دیگر کئی مسلمان ملک اب اتنے کمزور کردیئے گئے ہیں کہ اپنا دفاع کرنے کے بھی قابل نہیں رہے لیکن مسلمان حکمران خواب غفلت میں اتنے مدہوش ہیں کہ انہیں مستقبل کی کوئی فکر ہے نہ عوام کی خیر۔۔۔ اکثر سوچتا رہتا ہوں نبی رحمت ﷺ کے بغیر دنیا میں کتنی جہالت ہوتی اس کا اندازہ بھی نہیں لگایا جا سکتا۔ آج بھی ہم نبی رحمت ﷺ کی تعلیمات پر عمل کریں تو حالات بہتر ہوسکتے ہیں ہم ایک بار پھر دین و دنیا میں سرخرو ہوسکتے ہیں دنیا کی حکمرانی ہمارا مقدر بن سکتا ہے۔۔۔ یوں تو اب ماشاءاللہ پورا سال ہی محافل نعت اور میلاد النبی ﷺ کی تقاریب ہوتی رہتی ہیں ان محافل نے دلوں میں عشق مصطفیٰ ﷺ فروزاں کرنے میں اہم کردار ادا کیا ہے یقیناً یہ بہت بڑی بات ہے۔ ہر سال ربیع الاول کے مہینے میں یہ جوش و خروش عروج پر پہنچ جاتا ہے۔ ہر مسلمان کو آقا ﷺ کی ولادت کا دن انتہائی ذوق وشوق سے منانا چاہیے کہ کائنات میں اس سے زیادہ مبارک محترم اور مقدس دن آیا ہے نہ آئے گا یہ دن ہم سے اس عہد کا بھی متقاضی ہے کہ ہم اپنی شخصیت کو لالچ، جھوٹ، مکر وفریب سے پاک کرنے کیلئے خود احتسابی کو اپنائیں۔ کرپشن، ظلم، ناانصافی کے خاتمہ کیلئے آواز بلند کریں۔۔ تعلیم کے فروغ، جہالت، غربت، افلاس ختم کرنے کیلئے بھی جو ہوسکے ضرور کریں۔ عید میلاد النبی ﷺ منانے کے تقاضے یہ بھی ہیں کہ ہم معاشرے کے کمزور، کم وسائل، نچلے اور سسکتے طبقات کو طاقت بخشیں۔ جھنڈیاں لگانا، چراغاں کرنا، میلاد ﷺ کی محافل کا انعقاد بھی اہم ہے اس سے دلوں کو نیا ولولہ نیا جوش ملتا ہے۔ لیکن اصراف کو ترک کرکے کچھ وسائل غریبوں، بیواؤں کی کفالت کیلئے بھی خرچ کریں۔ کسی بیروزگار کی چھوٹا کاروبار کروانے کیلئے معاونت کریں۔ صدقات وخیرات بھی کریں۔ کسی یتیم بچی کی شادی۔ کسی مجبور طالبعلم کی سکول کالج کی فیس دیدیں، کتابیں یا یونیفارم لے دیں۔۔ کسی بیمار کا علاج کروادیں الغرض جس میں جتنی استطاعت ہے اس کے مطابق کچھ نہ کچھ ضرور کریں ان طریقوں کو اپنے محبوب نبی ﷺ کی خوشنودی کیلئے مروج کرنا زندگی کا نصب العین بنالیں۔۔ دوسروں کو ترغیب دیں۔ عشق مصطفےٰ ﷺ کو اپنی طاقت، قوت اور جرأت بنائیں حالات بدل جائیں گے بدنصیبی کے اندھیرے چھٹ جائیں گے مقدر کا رونا رونے والوں پر مقدر ناز کرے گا آزمائش شرط ہے۔ یقین کریں صدق دل سے بے لوث کام آنا ایسی نیکی ہے جس کا کوئی نعم البدل نہیں۔ کسی مجبور کی مدد، کفالت، قرض حسنہ، کسی یتیم بچی کی شادی، کسی کو باعزت روزگار کی فراہمی سے اللہ اور اس کے حبیب پاک ﷺ کو راضی کرنا ہے۔ چراغ سے چراغ جلانے کی روایت ہے صدقہ جاریہ ہے اسی میں ہمارے نبی ﷺ کی خوشی ہے یہی عید میلاد النبی ﷺ کا اصل مفہوم ہے۔ خوشیوں کے فروغ کا ذریعہ بھی۔ جہالت، غربت، افلاس ختم کرنے کی کوشش بھی۔ عشق مصطفیٰ ﷺ کا یہ بھی تقاضا ہے کہ ہم اپنے بچوں کو اعلیٰ تعلیم دلائیں۔۔۔ بہتر تربیت دیں حرام اور حلال کی تمیز سکھائیں خود رزق حلال کمائیں اور اپنی اولاد کی پرورش کی بنیاد بھی لقمہ حلال پر رکھیں اکثر سوچتا رہتا ہوں نبی رحمت ﷺ کے بغیر دنیا میں کتنی جہالت ہوتی اس کا اندازہ بھی نہیں لگایا جاسکتا جہالت دور کرنے کا سب سے بڑا نسخہ یہی اطاعت رسول ﷺ ہے اسی لئے تو اقبالؒ نے کہا تھا

قوت عشق سے ہر پست کو بالا کردے
دہر میں اسم محمد ﷺ سے اجالا کردے

کشمیری مجاہد "شہید برہان وانی" کی چوتھی برسی

مقبوضہ کشمیر میں بھارتی فورسز کے ہاتھوں شہید ہونے والے کشمیری نوجوان برہان وانی کی آج چوتھی برسی منائی جارہی ہے جب کہ وادی میں مکمل

ڈاکٹر محمد ریاض چوہدری

شٹر ڈاؤن ہڑتال ہے۔ برہان وانی کی برسی کے موقع پر بھارتی حکومت نے وادی کو ایک بار پھر پولیس چھاؤنی میں تبدیل کر دیا ہے جب کہ کشمیریوں کی آواز دبانے کے لیے انٹرنیٹ سروس بھی تاحکم ثانی بند کردی گئی ہے۔ مقبوضہ کشمیر میں کرفیو نافذ کردیا گیا ہے اور احتجاجی مظاہروں کو روکنے کے لیے پولیس کی بھاری نفری وادی میں گشت کررہی ہے۔ برہان وانی ایک ہونہار طالب علم تھا، جس نے بھارتی فوجیوں کے مظالم کے خلاف صرف 15 سال کی عمر میں آزادی کی خاطر ہتھیار اٹھائے، 8 جولائی 2016 کو بھارتی فورسز کے ہاتھوں نوجوان برہان مظفر وانی کی شہادت نے تحریک آزادی کشمیر میں ایک نئی روح پھونک دی آج برہان مظفر وانی کی برسی نے یادوں کے زخم تازہ کردیے ہیں، برہان وانی کی شہادت نے سات دہائیوں سے حق خودارادیت کیلئے لڑنے والے کشمیریوں کی تحریک آزادی میں نیا جوش پیدا کیا۔ برہان وانی شہید کی عمر 22 سال تھی جب 8 جولائی 2016 کو جنوبی مقبوضہ جموں کشمیر کے ایک گاؤں پر بھارتی فوجی درندوں نے ہلہ بول دیا۔ اس وقت برہان وانی اور ان کے دو ساتھی جس مکان میں تھے۔ اسے بم مار کر تباہ کردیا گیا جس سے برہان وانی سمیت تینوں کشمیری نوجوان شہید ہوگئے۔ برہان وانی کی شہادت کے بعد کشمیر میں وسیع پیمانے پر عوامی تحریک شروع ہوئی جسے دبانے کی سرکاری کاروائیوں میں کم از کم 100 افراد مارے گئے جبکہ ہزاروں گولیوں اور چھروں سے زخمی ہوگئے۔ برہان وانی نے سوشل میڈیا کے ذریعے نوجوانوں کو جگایا اور اس کوشش کے نتیجے میں دیکھتے ہی دیکھتے درجنوں نوجوان اس تحریک کا حصہ بن گئے، برہان وانی تو چلا گیا لیکن اس نے اپنے خون سے جو شمع روشن کی، وہ آج بھی کشمیری نوجوانوں کو آزادی کی راہ دکھا رہی ہے۔ برہان وانی کی شہادت کے بعد سے شروع ہونے والے مظاہروں کا سلسلہ کسی نہ کسی شکل میں اب تک جاری ہے اس عرصے میں عوامی احتجاج کی شدت میں زبردست اضافہ ہوا۔ نئی دہلی مخالف مظاہروں کے علاوہ حریت پسندوں اور بھارتی فوج کے مابین تصادم میں کئی سو افراد مارے جاچکے ہیں جبکہ ہزاروں افراد گولیوں اور چھروں سے زخمی ہوگئے ہیں۔ احتجاجی لہر کے دوران کشمیر کے اسکولوں اور کالجوں کے طلبہ وطالبات بھی سرگرم ہوگئے اور کئی ماہ سے وہ بھارت مخالف احتجاج کررہے ہیں۔ حکومت اکثر اوقات اسکولوں اور کالجوں کو بند رکھنے کا اعلان کرتی ہے۔ بھارت کی سول سوسائٹی کے کچھ ارکان کا خیال ہے کہ کشمیر میں گزر بسر کی ذمہ داری اسلام آباد پر عائد کرکے نئی دہلی خود کو بے قصور نہیں ٹھہرا سکتا۔ شہری حقوق کی متعدد تنظیموں کا مطالبہ ہے کہ وزیر اعظم نریندر مودی کو چاہیے کہ وہ وادی میں تعینات فوج کی تعداد کو کم کریں اور وہاں کے مقامی افراد کو اپنی قسمت کا فیصلہ خود کرنے دیں۔ کشمیری نوجوان جو شدید احساس محرومی کا شکار ہیں وہ اب انڈیا کے خلاف علیحدگی کی تحریک کی قیادت کر رہے ہیں۔ کشمیر میں کل آبادی کا 30 فیصد حصہ نوجوانوں پر مشتمل ہے جن کی اکثریت شدید غم و غصے اور ابہام کا شکار ہیں۔

☆☆☆☆☆☆

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر یہ ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

تعلیمی ادارے کھل رہے ہیں؟

وفاقی وزیر تعلیم کی صدارت میں صوبائی وزرائے تعلیم کا اہم اجلاس ہوا جس میں یکم ستمبر سے اسکول کھولنے کی تجویز پیش کی گئی، صورتحال بہتر ہوئی تو یکم ستمبر سے تعلیمی

ادارے کھولے جائیں گے اگر صورتحال تشویشناک ہوئی تو تعلیمی ادارے بدستور بند رہیں گے۔ بلوچستان کے سروعاقوں میں اسکولوں کی بندش زیادہ گمبھیر ہے کہ یہاں دسمبر 2019ء سے اسکول بند ہوں اور سوال اٹھایا جارہا ہے کہ تعلیمی ادارے کب کھولیں گے؟ اب خبر آئی ہے کہ ملک بھر میں کورونا وائرس کے کیسز کم ہونے کے پیش نظر تمام وزرائے تعلیم نے ستمبر کے پہلے ہفتے میں تعلیمی ادارے کھولنے پر اتفاق کرلیا۔ ذرائع کے مطابق تعلیمی ادارے کھولنے سے قبل کووڈ 19 کی صورتحال کا جائزہ لیا جائے گا۔۔

بلوچستان میں سمارٹ لاک ڈاؤن 37 ویں روز میں داخل ہوگیا ہے صوبے میں سمارٹ لاک ڈاؤن 15 جولائی تک جاری رہیگا، محکمہ داخلہ بلوچست

شال بقیہ 1

تعمیر کے کام کا جائزہ لینے کے بعد صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع مختصر سی اینڈ ڈیلیو کے حکام نے وزیراعلیٰ کو بریفنگ دی، 6 اعشاریہ 9 کلومیٹر پر محیط دو رویہ سڑک منصوبے کا آغاز رواں سال فروری کے مہینے میں کیا گیا تھا یہ اراضی منصوبے پر 732 ملین روپے کی لاگت آئے گی جو دسمبر 2020 تک مکمل ہوگا، وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ کوئٹہ میں کافی ترقیاتی کام ہو رہے ہیں جن کا وقتاً فوقتاً کرتے دورہ کرتا رہتا ہوں، انہوں نے کہا کہ نواں کلی پینہ اوڑک روڈ کے کام میں تھوڑی سی کوتاہی نظر آئی تھی جس کو سختی سے درست کرنے کا کہا ہے، وزیراعلیٰ نے کہا کہ ہم نے اینٹی کرپشن اور وزیراعلیٰ معائنہ ٹیم کو متحرک کیا ہے صوبائی حکومت نے اب تک 68 انجینئر ہٹائے ہیں پہلی بار اتنے بڑے پیمانے پر گڈ گورننس کے لیے اقدامات کئے جا رہے ہیں ہم چاہتے ہیں کام ٹھیک ہو اگر کوئی سمجھتا ہے کہ اسے کوئی بچا لیگا تو وہ اس خوش فہمی میں نہ رہے اب لوگ کام کرنے پر سنجیدہ ہیں کیونکہ انہیں معلوم ہے اب کام کی نگرانی ہو رہی ہے پیسے واپس لئے جا رہے ہیں اور تحقیقات بھی ہوتی ہیں یہاں لوگوں کا ذہن بنا ہوا ہے کہ کام ہونا چاہیے چاہے جیسا بھی ہو اگر اب ایسا نہیں ہوگا کام بھی ہوگا اور کوالٹی بھی آئے گی ٹھیکیداروں کو بھی تنبیہ کر دی گئی ہے کہ وہ کام کریں اب رفع دفع سے کام نہیں چلے گا۔

شال بقیہ 2

سرحدیں بند ہونے کے بعد امن وامان سمیت دوسرے پہلوؤں کا جائزہ لینے کے اجلاس ہوتے ہیں امن وامان کی صورتحال کے جائزہ کے دوران پتہ چلا کہ دہشتگردی کی شرح میں بہت زیادہ کمی آئی ہے صوبائی وزیر داخلہ نے کہا کہ مزید تحقیقات کی گئیں اور پچھلے ریکارڈز کو دیکھا گیا تو پتہ چلا کہ دہشتگردوں کا چمن کے راستے آنا جانا بہت زیادہ تھا۔ ہم نے بہت سے ایسے دہشتگردوں کو پکڑا ہے جو اسی راستے سے آئے تھے۔ اس لیے اب پاک افغان چمن سرحد پر پیدل آمدورفت کے طریقہ کار کو تبدیل کیا جا رہا ہے ان کا کہنا تھا کہ پاک افغان چمن سرحد پر اب پہلے جیسی (آزادانہ) آمدورفت ممکن نہیں، آمدورفت کے ضوابط پر عمل کیا جائے گا۔ پہلے کی طرح مکمل سرحد بحال کرنا ریاست اور ریاستی اداروں کے لیے مسئلہ ہے فورسز کے خدشات اور مسائل کو بھی پیش نظر رکھیں گے اور سرحد کی بندش، پیدل آمدورفت کے طریقہ کار تبدیل ہونے کے نتیجے میں متاثر اور بے روزگار ہونے والوں کو بھی سہولیات دیں گے ضیاء لانگو نے کہا کہ متاثرہ افراد کو حکومت نے احساس پروگرام کے تحت امداد کی پیشکش کی ہے۔ ہم نے ان سے کہا ہے کہ جب تک آپ کے لیے کوئی متبادل روزگار تلاش نہیں کرتے ہم آپ کو تیس ہزار روپے مہینہ دے دیتے ہیں دوسرا ہم نے یہ آفر کی کہ ہم آپ کو ایف سی میں ملازمتیں دیں گے۔ ہم نے یہ بھی آفر کی ہے کہ بازار پر جو ہم بازنگار رہے ہیں اس کے کام میں ہم آپ کو مزدوری پر لگائیں گے۔ ہم ان کو متبادل روزگار دے کر ہی کوئی فیصلہ کریں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ ہزاروں لوگوں کا ماہانہ بیس سے تیس ہزار روپے دینے کے لیے خطیر رقم کی ضرورت ہوگی لیکن ہمارے وہ لوگ جن کا روزگار جا رہا ہے ہم انہیں بھوک سے مرنے نہیں دیں گے ان کے لیے حکومت ضرور قربانی دے گی۔ ترقیاتی یا غیر ترقیاتی بجٹ جہاں سے بھی ہو اکٹھا کر کے ان کو پورا کریں گے سرحدی علاقوں میں بے روزگاری بڑھنے کی صورت میں امن وامان کے مسائل میں اضافے سے متعلق سوال پر صوبائی وزیر داخلہ نے کہا کہ اس سلسلے میں وزیراعلیٰ بلوچستان نے ان کی سربراہی میں پارلیمانی کمیٹی بنائی کمیٹی نے چمن کا دورہ کر کے وہاں لوگوں اور سیکورٹی فورسز کو بھی سنا ہے۔ سرحدی علاقے کے تاجروں، محنت کشوں اور سیکورٹی فورسز سے بھی تجاویز لی گئی ہیں، کچھ تجاویز حکومت نے دی ہیں۔ سب کا جائزہ لے کر ہم کچھ تجاویز پر ضرور متفق ہو جائیں گے، کمیٹی دہشتگردی کے پچھلے ریکارڈ، دہشتگردوں کی آمدورفت، لوگوں کے روزگار سمیت تمام مسائل کا جائزہ لے کر مثبت تجاویز مرتب کر کے وزیراعلیٰ بلوچستان کو دے گی پھر وزیراعلیٰ آگے اس پر وفاق سے بات کریں گے۔ ضیاء لانگو کا کہنا تھا کہ دہشتگردی کے پچھلے واقعات اور اس کی تفتیش کے نتیجے میں سامنے آنے والے ثبوتوں کے بعد ہم نے برملا کہا ہے کہ ہندوستان یہاں دہشتگردی کے واقعات میں براہ راست ملوث ہے اور افغانستان اپنی سرزمین بھارت کو استعمال کرنے کے لیے دے رہا ہے اسی طرح مکران کی طرف (پاک ایران) سرحدوں پر بھی مشکلات کا سامنا ہے۔

شال بقیہ 3

کے اہم اقدامات میں شامل ہے جو کہ آخری مراحل میں ہے انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کی قیادت میں صوبائی حکومت عوام کو ہر ممکن بنیادی سہولت کی فراہمی کے لیے کوشاں ہے یہ ایک بہترین قانون ہے جس سے ہر ایک شہری معلومات سے مستفید ہو سکتا ہے اس براہ راست سیشن میں انڈیجینس لینڈ کی ڈائریکٹر محمد بلال یونیسکو سے مختار بلیدہ اور حمزہ خان نے شرکت کی رائٹ ٹو انفارمیشن بلوچستان ایکٹ کی قانون سازی پر سیر حاصل بحث ہوئی جبکہ صوبائی وزیر خزانہ میر ظہور بلیدی نے ان اقدامات کو سراہا۔

شال بقیہ 4

ہیں، سول سیکرٹریٹ کے محکمہ ایس اینڈ جی ڈی میں تعینات ایک آفیسر نے نام ظاہر نہ کرنے کی شرط پر بتایا کہ اب تک صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے 1200، زیارت کے 44، لورالائی میں 130، جعفر آباد کے 79 اور ڈیرہ بگٹی کے 66 افراد کے ڈومیسائلز بوگس نکلے ہیں جن کی متعلقہ اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز کے دفاتر میں ریکارڈ موجود نہیں ہے اور جعلی ڈومیسائلز پر دوسرے صوبوں کے لوگ بلوچستان کے کوٹے پر وفاق میں ملازمتیں کر رہے ہیں، ان کے بقول سینیٹ سے قرارداد کی منظوری اور گورنر سیکرٹریٹ سے صوبے کے تمام اضلاع کے انتظامی آفیسران کے نام لکھے گئے مراسلے کے بعد تمام اضلاع میں بلوچستان کے کوٹے پر وفاقی محکموں میں ملازمتیں حاصل کرنے والے افراد کی ڈومیسائلز اور لوکل کی دوبارہ تصدیق کا آغاز کر دیا گیا ہے اور بڑے پیمانے پر جعلی اور بوگس ڈومیسائلز کی تصدیق کا انکشاف ہوا ہے جبکہ دوسری جانب وفاقی وزارت اطلاعات، ریلوے، داخلہ، پورٹ اینڈ شپنگ، انفارمیشن ٹیکنالوجی اور دوسرے محکموں میں جعلی ڈومیسائلز پر تعینات افراد نے اپنی نوکریاں بچانے کے لیے تگ و دو شروع کر دی ہیں اور جعلی ڈومیسائلز کی تصدیق کے لیے ڈپٹی کمشنرز کے دفاتر میں سفارشیں اور نذرانوں کا سلسلہ جاری ہیں، سول سوسائٹی اور وکلا رہنماؤں نے مطالبہ کیا ہے کہ ڈومیسائلز کی تصدیق کا مرحلہ جلد سے جلد مکمل کیا جائیں اور ہائیکورٹ کے ایک جج کی نگرانی میں باضابطہ انکوائری کمیشن تشکیل دیا جائیں جو جعلی ڈومیسائلز ہولڈرز کے ساتھ اس عمل میں ملوث سہولت کاروں کو کیفر کردار تک پہنچانے کے لیے آزادانہ اور شفاف انکوائری کریں۔

شال بقیہ 5

کا سامنا کرنا پڑا بعد ازاں کیسکو اور پولیس حکام کی یقین دہانی پر تاجروں اور دکانداروں نے احتجاج ختم کر دیا۔

شال بقیہ 6

میں کووڈ کیلئے درکار سہولتوں سے آراستہ بیڈز میں اضافے کی صورتحال اور خصوصاً عیدالاضحیٰ اور محرم میں کورونا کے پھیلاؤ کو روکنے کے حوالے سے تشکیل دی جانے والی حکمت عملی پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ وزیراعظم کو بتایا گیا کہ اس وقت ملک کے تیس شہروں میں 227 مقامات پر سمارٹ لاک ڈاؤن کیا جا رہا ہے، اب تک سمارٹ لاک ڈاؤن کے نہایت مثبت نتائج برآمد ہوئے ہیں۔

شال بقیہ 7

ملی میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا۔ سرحدی مسئلے پر بنائی گئی حکومتی کمیٹی کے رکن اور چمن سے منتخب رکن بلوچستان اسمبلی عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی کا کہنا ہے کہ پاک افغان چمن سرحد پر آمدورفت کے لیے مکمل طور پر پاسپورٹ کا نظام رائج کرنا ممکن نہیں۔ سرحد پر روزانہ 20 سے 25 ہزار افراد کا آنا جانا ہوتا ہے جن میں سے بیشتر وہ پاکستانی باشندے اور تاجر ہیں جو صبح چمن سے جا کر افغان سرحدی شہر ویش اور سپین بولدک میں کاروبار کرتے ہیں اور شام کو واپس آتے ہیں۔

شال بقیہ 8

بلوچستان کے سرحدی علاقے کے تقریباً 20 سے 25 ہزار افراد بے روزگار ہو جائیں گے، جبکہ اس کے اثرات کوئٹہ سمیت پورے بلوچستان کی معیشت پر بھی پڑیں گے چمن، افغانستان کے ساتھ پاکستان کی 26 سو کلومیٹر طویل سرحد پر دو بڑی سرحدی گزرگاہوں میں سے ایک ہے، جو بلوچستان کے دارالحکومت کوئٹہ سے تقریباً 120 کلومیٹر دور ضلع قلعہ عبداللہ میں واقع ہے۔ خیبر پختونخوا میں طورخم سرحد پر پاکستان نے تین سال قبل ہی آمدورفت کے لیے پاسپورٹ کی شرط لازمی قرار دے دی تھی تاہم چمن سرحد پر قیام پاکستان سے لے کر اب تک پیدل آمدورفت کا کوئی قانونی طریقہ کار رائج نہیں تھا۔ ایک سرکاری اندازے کے مطابق چمن سرحد سے روزانہ تقریباً 25 سے 30 ہزار پاکستانی اور افغانی باشندے پاسپورٹ اور ویزے کے بغیر سرحد عبور کرتے تھے چمن چیمبر آف کامرس کے صدر حاجی آدم خان کا کہنا ہے کہ پاکستانی سرحدی علاقوں چمن اور قلعہ عبداللہ کے تقریباً 10 سے 12 ہزار تاجر افغانستان کے سرحدی شہر سپین بولدک میں کاروبار کرتے ہیں جس کے لیے وہ روزانہ صبح سرحد عبور کر کے افغانستان جاتے اور شام کو واپس پاکستان آتے تھے۔ اس کے لیے کسی پاسپورٹ، ویزے یا رہداری کی شرط نہیں تھی، صرف شناختی کارڈ پر چمن یا قلعہ عبداللہ کا پتہ درج ہونا ضروری تھا حاجی آدم خان کے مطابق 12 سے 15 ہزار مزدوروں کا روزگار بھی اسی سرحد سے وابستہ ہے۔ انہیں چھوٹے پیمانے پر تجارتی سامان بغیر کسی ٹیکس کے ہاتھ ریڑھیوں کے ذریعے پاکستان لانے کی اجازت تھی۔ ان مزدوروں کو مقامی اصطلاح میں لغڑی کہتے ہیں اور حکومت نے لغڑی پیکیج کے تحت انہیں خصوصی کارڈز جاری کیے تھے جن کی بنیاد پر وہ سامان کی ترسیل صرف ہاتھ ریڑھیوں کے ذریعے کر سکتے تھے حاجی آدم خان کا کہنا ہے کہ کورونا کی وجہ سے رواں سال دو مارچ کو سرحد بند ہوئی اور اب جب جزوی طور پر سرحد بحال ہوئی تو ان 25 ہزار تاجروں اور مزدوروں کو سرحد پار جانے کی اجازت نہیں دی جا رہی جس کی وجہ سے وہ سب بے روزگار ہو گئے ہیں سرحد کی دو مارچ سے قبل کی حالت میں بحالی کے لیے چمن میں سرحدی گیٹ کے قریب تاجر اور مزدور گذشتہ 35 دنوں سے احتجاجی دھرنے پر بیٹھے ہیں۔ احتجاج کو علاقے کی تقریباً سبھی سیاسی جماعتوں اور قبائلی نمائندوں کی بھی حمایت حاصل ہے۔ محکمہ داخلہ بلوچستان کے ایک عہدے دار نے غیر ملکی میڈیا کو نام ظاہر نہ کرنے کی شرط پر بتایا ہے کہ چمن سرحد پر بھی طورخم طرز پر آمدورفت کو قانونی شکل دینے کا اصولی فیصلہ کیا گیا ہے یعنی پاکستانی اور افغان باشندے اب صرف پاسپورٹ اور ویزے پر ہی سرحد عبور کر سکیں گے۔

شال بقیہ 9

میں تجاز کی تعیناتی کی جائے جبکہ کرپشن کے مقدمات، زیر التوا ریفرنسز کا 3 ماہ میں فیصلہ کیا جائے۔ چیف جسٹس نے ریمارکس دیے کہ نیب ریفرنس کا جلد فیصلہ نہ ہونے سے نیب قانون کا مقصد ختم ہو جائے گا، نیب کے 1226 ریفرنسز زیر التوا ہیں، کیا نیب اپنے قانون کی عملداری میں سنجیدہ ہے۔ سماعت کے دوران چیف جسٹس نے کہا کہ نیب ریفرنسز کا فیصلہ تو 30 دن میں ہونا چاہیے، لگتا ہے 1226 ریفرنسز کے فیصلے ہونے میں ایک صدی لگ جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ نیب کا ادارہ نہیں چل رہا، 20، 20 سال سے نیب کے ریفرنسز زیر التوا ہیں، ان ریفرنسز کے فیصلے کیوں نہیں ہو رہے، کیوں نہ نیب عدالتیں بند کر دیں اور نیب قانون کو غیر آئینی قرار دے دیں۔ بعد ازاں عدالت نے 5 احتساب عدالتوں میں ججز کی تعیناتی کا حکم دیتے ہوئے کہا کہ ایک ہفتے میں تعیناتی نہ ہوئی تو سخت ایکشن لیا جائیگا۔ عدالت نے آئندہ سماعت پر اٹارنی جنرل، پراسیکیوٹر جنرل، سیکرٹری قانون کو طلب کرتے ہوئے زیر التوا ریفرنس کو جلد نمٹانے سے متعلق چیئرمین نیب سے بھی تجاویز مانگ لیں۔ اس سے قبل جنوری میں سپریم کورٹ نے کرپشن کے الزام میں گرفتار شہری کی پی بارگین کی پیش کش کو مسترد کرتے ہوئے ملک بھر میں زیر التوا کرپشن مقدمات اور غیر فعال احتساب عدالتوں کی تفصیلات طلب کی تھیں۔

شال بقیہ 10

سے ہونے والے شدید نقصانات سے تفصیل سے آگاہ کیا گیا اور وزیراعلیٰ کو بتایا گیا کہ اس وقت بھی ضلع ہرنائی سٹی اور مختلف سیلاب کی زد میں ہے اور ضلع ہرنائی مون سون کے رینج میں واقع ہونے کی وجہ سے طوفانی بارشوں اور سیلابی ریلوں کے آنے کا ہمیشہ خدشہ رہتا ہے ہرنائی سٹی اور دیہات کو مزید نقصانات سے بچانے کا واحد حل سروتی حفاظتی بند کی بنگامی بنیادوں پر تعمیر ہے وزیراعلیٰ بلوچستان میر جام کمال خان علیانی سروتی حفاظتی بند کی تعمیر کو ایمرجنسی بنیادوں معیاری اور فی سی دن کے مطابق تعمیر کو یقینی بنانے کیلئے سیکرٹری محکمہ ایریگیشن کو سروتی حفاظتی بند کا تعمیراتی کام تیز کرنے کا حکم دیا اور سیلاب زدگان کے نقصان کا ازالہ کرنے کی یقین دہانی کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر ہرنائی سے متاثرین کی تفصیلات ارسال کرنے کا بھی ہدایت جاری کیا۔

شال بقیہ 11

اٹھانے ہوں گے۔ وہ بدھ کو یہاں ایوان صدر میں کچی آبادیوں کو ترقی یافتہ شکل دینے کے لئے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے تھے۔ اجلاس میں گورنر سندھ عمران اسماعیل، رکن صوبائی اسمبلی فردوس شمیم نقوی، نیا پاکستان ہاؤسنگ اتھارٹی کے چیئرمین انور حیدر، صدر مملکت کے سیکرٹری طارق نجیب لجی، سیکرٹری ہاؤسنگ اینڈ ورکس عمران

زیب خان، ڈپٹی چیئرمین این پی ایچ اے، ایڈیشنل اٹارنی جنرل اور دیگر نے بھی اجلاس میں شرکت کی۔ صدر مملکت نے کہا کہ کچی آبادیوں میں سکول، کالج، ہسپتال، کاروباری مراکز، مساجد، پارکس، کھیل کے میدان اور سڑکوں جیسی بنیادی سہولیات فراہم کی جائیں۔ اجلاس میں کچی آبادیوں کو رہائشی علاقوں میں تبدیل کرنے کے متعلق مختلف تجاویز کا جائزہ لیا گیا اور اس سلسلے میں کراچی میں سرکاری اراضی کے تعمیری استعمال کے مختلف آپشنز پر غور کیا گیا۔ اس موقع پر گورنر سندھ کی سربراہی میں ایک ذیلی کمیٹی تشکیل دی گئی جو وفاقی حکومت کی اراضی اور گوارٹرز جن پر لوگوں نے غیر قانونی قبضہ کر رکھا ہے کے متعلق قابل عمل حل پیش کرے گی۔

شال بقیہ 12

گیا۔ لیویز ذرائع کے مطابق گزشتہ روز ضلع زیارت کے علاقے کلی چینہ میں بڑے بھائی نے گھریلو تنازعہ پر فائرنگ کرتے ہوئے اپنے تین بھائیوں کو زخمی کر دیا اور فرار ہو گئے، زخمیوں کو فوری طور پر ڈسٹرکٹ ہسپتال منتقل کر دیا گیا جہاں سے ابتدائی طبی امداد کے بعد انہیں کوئٹہ منتقل کر دیا گیا مزید کارروائی متعلقہ لیویز کر رہی ہے۔

شال بقیہ 13

کیخلاف تمام جھوٹے کیسز ختم کئے جائیں کیونکہ کیسز میں سزا سنانے والے جج برطرف کر دیے گئے ہیں پارٹی کی مرکزی قیادت مزید تقسیم اور تباہی و بربادی سے پارٹی کو بچانے کیلئے سنجیدہ اقدامات اٹھائے ان خیالات کا اظہار پاکستان مسلم لیگ (ن) کے کور کمیٹی کے اراکین میر اصغر مری، ہاشم خان بزنجو، اشرف ساگر بلوچ، عبدالظاہر آغا، نجیب درانی، بھانو نیل مسیح، جاوید خان لاہی و دیگر نے کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ 2018 میں بلوچستان میں پارٹی کے انٹرا پارٹی انتخابات جعلی و غیر آئینی بنیادوں پر کروایا گیا جس میں 34 اضلاع میں سے 13 اضلاع اس کا حصہ نہ بنے جبکہ اس حوالے سے کیس اسلام آباد ہائیکورٹ میں زیر سماعت ہے انٹرا پارٹی الیکشن میں مخصوص ٹولے نے صوبائی سینئر قیادت کو اعتماد میں لیا صوبائی کونسل کو نظر انداز کر کے پارٹی کی تقسیم کی بنیاد رکھی۔

شال بقیہ 14

محفوظ رہیں اور گولی لگنے سے ایک راہگیر زخمی ہوا، فائرنگ سے آس پاس کے دکانوں کے شیشے اور سامان پر جا لگی، ایک گولی دکاندار کے گردن کو چھو کر نکل گئی جو معجزانہ طور پر محفوظ رہے، تفصیلات کے مطابق نوشکی بازار میں گلی بنک کے قریب مسلح افراد کا قبائلی رہنما میر جعفر خان بادینی پر فائرنگ جس کے نتیجے میں میر جعفر خان بادینی کے ہاتھ میں گولی چھو کر نکل گئی اس طرح وہ معجزانہ طور پر محفوظ رہے۔

شال بقیہ 15

وجہ سے فیسیں جمع ہو رہے ہیں نہ ہی بورڈ چلانے کیلئے دیگر وسائل موجود ہیں، دوسری جانب چیئرمین بورڈ یوسف بلوچ کا کہنا ہے کہ بلوچستان بورڈ کو مالی بحران کا سامنا ہے تاہم بورڈ آفس کے بندش کی خبروں میں کوئی صداقت نہیں ہے۔ ذرائع بلوچستان بورڈ کے مطابق بلوچستان بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن شدید مالی بحران کا شکار ہے، کورونا وائرس کی وجہ سے لاک ڈاؤن کے دوران فیسیں جمع ہو رہی ہے نہ ہی بورڈ چلانے کیلئے دیگر وسائل موجود ہیں، بورڈ کے تمام تر اخراجات مختلف مدات میں جمع ہونے والی فیسوں سے برداشت کئے جاتے ہیں۔

شال بقیہ 16

سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاک افغان بارڈر بندش کا معاملہ افہام وتفہیم سے حل کیا جائیگا کیونکہ سرحد کی بندش سے مقامی لوگوں کا روزگار وابستہ ہے جس سے سینکڑوں خاندان متاثر ہو رہے ہیں جبکہ صوبائی حکومت مقامی لوگوں کی فلاح و بہبود کیلئے اقدامات اٹھا رہی ہے۔

شال بقیہ 17

پاک۔افغان پارلیمانی فرینڈشپ گروپ کی ایگزیکٹو کمیٹی کا پہلا اجلاس ہوا اجلاس میں وزیر دفاع پرویز خٹک، وزیر بحری امور علی زیدی، وزیر اعظم کے مشیر ارباب شہزاد اور معاون خصوصی شہزاد اکبر، افغانستان کے لیے پاکستان کے خصوصی مندوب صادق خان، پاک۔افغان فرینڈشپ کے گروپ کے ارکان، چیئرمین ایف بی آر اور متعلقہ اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں پاک۔افغان تعلقات سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس میں پاک۔افغان تجارت میں اضافہ افغان ٹرانزٹ ٹریڈ اور افغانی شہریوں کو پاکستانی ویزوں کے اجراء کے متعلق امور کو زیر غور لایا گیا۔

شال بقیہ 18

دوسری تقریر کی تیاری کے علاوہ کچھ نہیں کیا، وزیر اعظم کی تقریر نے کشمیر پر قوم کے جذبات کو ٹھنڈا کرنے کے علاوہ کچھ نہیں کیا، قوم وزیر اعظم کے دوسرے بہت سے دعوؤں اور وعدوں کی طرح اقوام متحدہ کی تقریر میں کئے گئے دعوؤں پر عمل درآمد کے بھی منتظر ہیں، اقوام متحدہ میں وزیر اعظم کی تقریر کے بعد قوم ان کی دوسری تقریر سننا چاہتے تھے مگر وزیر اعظم کشمیر کی طرح اپنی پہلی تقریر بھی بھول چکے ہیں۔ جب تک مسئلہ کشمیر حل نہیں ہوتا خطے میں امن کا خواب شرمندہ تعبیر نہیں ہو سکتا۔ بھارت کی آئے روز کی اشتعال انگیزیوں اور لائن آف کنٹرول پر گولہ باری سے خطے میں کسی وقت بھی تباہ کن جنگ کے شعلے بھڑک سکتے ہیں۔

شال بقیہ 19

افراد کی تعداد 4922 ہو گئی جبکہ 2989 کیسز رپورٹ ہوئے جس کے بعد کورونا کیسز کی تعداد 2 لاکھ 37 ہزار سے تجاوز کر گئی، کورونا سے صحت یاب ہونے والے مریضوں کی تعداد ایک لاکھ 40 ہزار 965 ہو گئی، فعال کیسز کی تعداد 91 ہزار 602 ہے۔ بدھ کو نیشنل کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر نے کورونا وائرس کے تازہ اعداد و شمار جاری کر دیے جس کے مطابق چوبیس گھنٹوں میں مزید 83 مریض چل بسے، ملک بھر میں کورونا سے مجموعی اموات کی تعداد 4922 ہو گئی۔ این سی او سی کے مطابق پاکستان میں کورونا سے صحت مند مریضوں کی تعداد 1 لاکھ 41 ہزار کے قریب پہنچ گئی، ملک میں کورونا کے ایکٹو کیسز کی تعداد 91600 رہ گئی، سب سے زیادہ سندھ میں کورونا کیسز کی تعداد 97 ہزار سے تجاوز کر گئی، پنجاب میں 83 ہزار سے زائد، خیبر پختونخوا میں 28681 کیسز ریکارڈ ہوئے۔

شال بقیہ 20

سینٹ، وفاقی وزراء، قومی وصوبائی اسمبلیوں کے ممبران سمیت متعدد اہم شخصیات نے رابطے کئے۔ بدھ کو اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر، چیئرمین سینٹ صادق سنجرانی، ڈپٹی چیئرمین سینٹ سلیم مانڈوی والا، وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی اسد عمر، وفاقی وزیر برائے قانون و انصاف بیرسٹر فروغ نسیم، وزیر دفاع پرویز خٹک، وفاقی وزیر برائے ہوا بازی غلام سرور خان، وفاقی وزیر تعلیم شفقت محمود، وفاقی وزیر برائے سائنس اینڈ ٹیکنالوجی فواد چودھری، وفاقی وزیر برائے توانائی عمر ایوب خان،

وزیر مملکت شہریار آفریدی، مشیر برائے موسمیاتی تبدیلی ملک امین اسلم، وزیر اعظم کے مشیر برائے ادارہ جاتی اصلاحات ڈاکٹر عشرت حسین، سابقہ گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد، وزیر خزانہ حماد اظہر، گورنر سٹیٹ بینک رضا باقر، ایم این اے بے پرکاش، ایم این اے منزہ حسن، وزیر اعظم کے مشیر برائے احتساب ڈاکٹر شہزاد اکبر، سینیٹر ثناء جمالی، سابق ڈپٹی چیئرمین سینیٹ جام مبارک، سابق سیکرٹری خارجہ ایمبیسڈر ریاض کھوکھر، سابق مشیر برائے خارجہ امور طارق فاطمی نے بذریعہ ٹیلی فون وزیر خارجہ سے رابطہ کیا اور ان کی خیریت دریافت کی، ان شخصیات نے وزیر خارجہ کی جلد صحت یابی کیلئے دعائیں کیں اور نیک خواہشات کا اظہار کیا، ترجمان وزارت خارجہ عائشہ فاروقی نے وزیر خارجہ کی جلد صحت یابی کیلئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا اور پھول بھجوائے، وزیر خارجہ نے خیریت دریافت کرنے، ان کی جلد صحت یابی کیلئے دعاؤں اور نیک تمناؤں کا اظہار کرنے والی تمام شخصیات کا شکریہ ادا کیا۔

شال بقیہ 21

کورٹ کے جج جسٹس عامر فاروق کورٹ کے جج جسٹس عامر فاروق اور جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب پر مشتمل ڈویژن بنچ (آج) جمعرات کو سماعت کرے گا، اسلام آباد ہائی کورٹ کے رجسٹرار آفس نے کاز لسٹ جاری کر دی، جسٹس عامر فاروق اور جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب پر مشتمل ڈویژن بنچ (آج) جمعرات کو سماعت کرے گا۔ یاد رہے کہ شوگر ملز ایسوسی ایشن نے سنگل بنچ کے فیصلے کے خلاف انٹرا کورٹ اپیل دائر کر رکھی ہے۔

شال بقیہ 22

مذہبی امور بولے مندر سرکاری خرچ سے بن سکتا ہے پانچیں اسلامی نظریاتی کونسل جو فیصلہ کرے گی عمل کریں گے۔ قومی اسمبلی اجلاس میں مسلم لیگ (ن) کے پارلیمانی لیڈر خواجہ آصف نے کہا کہ سوشل میڈیا پر توہین آمیز خاکے بنائے جا رہے ہیں اقلیتوں کو مناسب پیغام دیا جا رہا ہے، کشمیر میں مسجدیں گرائی جا رہی ہیں، اگر ہمارے ہاں بھی اقلیتوں کیساتھ ایسے ہوگا تو کیا پیغام جائیگا، تمام مذاہب برابر ہیں، سب کے اپنے اپنے خدا ہیں، کسی مذہب کو کسی مذہب پر فوقیت حاصل نہیں۔ خواجہ آصف کی تقریر کے دوران جماعت اسلامی کے رکن مولانا عبدالاکبر چترالی اور جے یو آئی ارکان نے شور کیا اور کہا یہ کیا کہہ رہے ہو اس پر خواجہ آصف نے طعنہ مارا تم لوگ تو قائداعظم کو بھی کافر اعظم کہتے رہے ہو۔

شال بقیہ 23

رورل سپورٹ پروگرام کے چیف ایگزیکٹو آفیسر نادر گل بزنجو نے گزشتہ روز ایک نجی چینل کو انٹرویو دیتے ہوئے کہی۔ پی آر ایس پی کے ترجمان کے مطابق نادر گل بزنجو کا کہنا تھا کہ کورونا کے دوران پی آر ایس پی نے بلوچستان کے تمام اضلاع میں بلا تعطل کام کو جاری رکھا۔

شال بقیہ 24

کی۔ اس موقع پر مجلس وحدت المسلمین کے مرکزی ترجمان علامہ مقصود علی ڈومکی نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ امت مسلمہ کے درمیان اتحاد اور اتفاق وقت کی ضرورت ہے۔ مجلس وحدت مسلمین مختلف مسالک کے درمیان اتحاد اور اخوت کی داعی ہے۔

شال بقیہ 25

کے جہاز اور بیلی کاپٹر فضائی سپرے میں حصہ لے رہے ہیں۔ محکمہ زراعت کے متعلقہ اداروں کے ساتھ صبح اور رات کے اوقات میں یہ آپریشنز جاری رکھے ہوئے ہیں ماہرین زراعت کے مطابق ٹڈی دل رات کے اوقات درختوں پر قیام کرتے ہیں جس سے ان کے خلاف موثر سپرے کے ذریعے ان کو آسانی سے ختم کیا جا سکتا ہے زمینداروں اور کسانوں نے حکومت پاکستان و بلوچستان، پاک افواج اور ایف سی بلوچستان کی جانب سے ٹڈی دل کے خاتمے کے لیے جاری اقدامات کو سراہا ہے۔

شال بقیہ 26

ہے، کل 54 پائلٹس کو فارغ کر دیا گیا ہے۔ غلام سرور خان نے کہا کہ یہ ایک سنجیدہ مسئلہ ہے جس کے پس منظر میں جانا ضروری ہے، یورپی یونین ایئر سیفٹی ایجنسی دنیا بھر میں ایئر لائنز اور مسافروں کی حفاظت پر نظر رکھتی ہے، پروازوں کی معطلی پہلی بار نہیں ہوئی، کبھی انسانی جانوں کے تحفظ سے متعلق توجہ نہیں دی گئی، 2007۔8 میں بھی حفاظتی انتظامات نہ ہونے پر آپریشن معطل ہوا، اس ایجنسی نے 5 نکات ہمارے سامنے رکھے، تقریباً 5 پری جواب دے دیا مگر کراچی طیارہ حادثہ ہو گیا، پائلٹ کی غلطی سامنے آئی اور 100 جانیں ضائع ہو گئیں۔ انہوں نے کہا کہ دو ہزار آٹھ سے اشارہ تک شمار بڑھا ہم نہ صرف پی آئی اے میں صفائی کریں گے، بلکہ ان لوگوں کو بھی نکالیں گے جنہوں نے سفارش پر پائلٹس بھرتی کئے۔

شال بقیہ 27

کا حصول ہی ان کا مقصد سیاست رہا اور رہے گا۔ انہوں نے کہا کہ حکمرانوں کو بھی اس حقیقت کا ادراک ہے کہ ان کے چل چلاؤ کے دن قریب آنا شروع ہو چکے ہیں کیونکہ اپنی نااہلی انہیں بند گلی تک گھسیٹ لائی ہے مافیاز کی ایماء پر مسلط کئے جانے والے آج بین الاقوامی مالیاتی سامراج کے ہاتھوں کھلونا بن چکے ہیں انہوں نے کہا وہ جب شکنجے میں کستے ہیں تب بوجھ اتارا جاتا ہے گزشتہ 22 ماہ میں تبدیلی سرکار نے سوائے وزارتوں کی اکھاڑ پچھاڑ کے کیا ہی کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ تبدیلی کا جھانسا دیکر عوام کے معاشی و سیاسی استحصال کی ایک نئی تاریخ رقم کی گئی یہ منفی طرز سیاست تو مسلط کردہ آمروں کا ہمیشہ سے وطیرہ رہا ہے۔

شال بقیہ 28

ہونے سے بڑے پیمانے پر نقصان ہو گیا، سینکڑوں گھر، دکانیں منہدم ہو گئیں، ہزاروں ایکڑ پر کھڑی فصلیں سیلاب میں بہہ گئی آج بھی متاثرین کھلے آسمان تلے پڑے ہوئے ہیں۔

شال بقیہ 29

سکنہ مکنجر جاں بحق ہو گیا ہے دوسری جانب قلعہ عبداللہ نچین نیل میں مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک شخص فتح خان ولد زیت اللہ زخمی ہو گیا ہے لاش اور زخمی کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے لاش کو ضابطے کی کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دیا گیا جبکہ زخمی کو طبی امداد فراہم کر دی گئی مزید کارروائی متعلقہ انتظامیہ کر رہی ہے۔

شال بقیہ 30

نیب نے پردہ ڈال کر رکھا ہے کچھ کرپٹ حکومت کی گود میں پناہ لیا ہے اور اپنے کرپشن چھپانے کیلئے دوسروں کو نشانہ بنایا جا رہا ہے کوئی مقدس گائے نہیں سب کا احتساب ہونا چاہیے یکطرفہ اور جانبدار احتسابی عمل سے ملک کو نقصان پہنچے گا۔

شال بقیہ 31

کمشنر عزت نزیر بلوچ نے صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ قلات میں سڑکوں کے تعمیر میں کوئی کوتاہی برداشت نہیں کریں گے جاری ترقیاتی کاموں کو بروقت مکمل کرنے اور کام کے معیار پر کوئی سمجھوتا قبول نہیں کریں گے غیر معیاری اور ناقص میٹریل کا استعمال

کرونا وائرس بلوچستان میں سمارٹ لاک ڈاؤن 38 ویں روز میں داخل

انتظامیہ کی جانب سے ایس او پیز کی خلاف ورزی کرنے والوں کیخلاف کارروائیاں بھی محدود ہوگئی

شہری۔ تاجر برادری ۔ٹرانسپورٹرز ایس او پیز ہر تاحال عمل درآمد کرتے دکھائی نہیں دیتے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان میں سمارٹ لاک ڈاؤن 38 ویں روز میں داخل، انتظامیہ کی جانب سے ایس او پیز کی خلاف ورزی کرنے والوں کیخلاف کارروائیاں بھی محدود ہوگئی شہری۔ تاجر برادری ۔ٹرانسپورٹرز ایس او پیز ہر تاحال عمل درآمد کرتے دکھائی نہیں دیتے صوبے میں سمارٹ لاک ڈاؤن 15 جولائی تک جاری رہیگا تفصیلات کے مطابق بلوچستان میں 38 ویں روز بھی سمارٹ لاک ڈاؤن رہی تاہم وبائی صورتحال کے باوجود شہری، تاجر برادری، ٹرانسپورٹرز ایس او پیز ہر تاحال عمل درآمد کرتے دکھائی نہیں دیتے دوسری جانب عید قربان قریب آتے ہی بازاروں میں بغیر احتیاطی تدابیر کے شہری خریداری کرنے میں مصروف ہے بلکہ ٹرانسپورٹ کے شعبے کیلئے جاری کئے گئے ایس او پیز پر ٹرانسپورٹرز درآمد کرنے کو تیار نہیں بلکہ انکاصی کی جانب سے ایس او پیز

تفصیل نمبر 34 صفحہ 3 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان سے صوبائی وزیر بلدیات سردار محمد صالح بھوتانی ملاقات کررہے ہیں

جمالی خاندان نے ہمیشہ اپنے حلقے کی عوام کی خدمت کی ہے، کرتے رہیں گے، میر حسن خان جمالی

مارکیٹ کمیٹی کی فعالیت سے شہریوں کو سستے داموں سبزی وفروٹ کی فراہمی ہورہی ہے

مارکیٹ کمیٹی کروڑوں روپوں کی لاگت سے جدید طرز پر تعمیر کی گئی ہے، چیئرمین مارکیٹ کمیٹی

اوستہ محمد (این این آئی) جمالی خاندان نے ہمیشہ اپنے حلقے کی عوام کی خدمت کی ہے۔ مارکیٹ کمیٹی کی فعالیت سے شہریوں کو سستے داموں سبزی وفروٹ کی فراہمی کی جاری ہے۔ مارکیٹ کمیٹی میں جلد مذید ترقیاتی کام کرائے جائیں گے۔ جس سے آڑھتیوں کو مذید فائدہ ہوگا۔ اوستہ محمد، جعفرآباد اور صحبت پور کی عوام کا شکر گزار ہوں جنہوں نے میرے لیے بہت دعائیں کی اور ان کی دعاوں سے آج میں آپ لوگوں کے سامنے ہوں۔ ان خیالات کا اظہار چیئرمین مارکیٹ کمیٹی میر حسن خان جمالی نے ایکسیڈنٹ

تفصیل نمبر 46 صفحہ 3 پر

بارکھان کے علاقے نوتھم میں فائرنگ 1 شخص جاں بحق

کوہلو (این این آئی) بارکھان کے علاقے نوتھم میں فائرنگ 1 شخص جاں بحق لیویز کے مطابق بارکھان کے علاقے نوتھم میں گزشتہ شب ڈاکٹر کے دوران مزاحمت پر فائرنگ سے پیر محمد جاں بحق ہوگیا لیویز نے لاش کو تحویل میں

تفصیل نمبر 45 صفحہ 3 پر

بی اے پی ہی عوام کی مقبول اور ترجمان جماعت ہے، نور محمد دمڑ

صوبے میں امن وامان، سرکاری اداروں پر عوام کی اعتماد کی بحالی عوام کے بنیادی مسائل انکے دہلیز پر حل کرنا ہے

ماضی میں تو یہ قوم پرستوں اور مذہبی جماعتوں کے وزراء ترقیاتی منصوبوں، اور سرکاری ملازمتوں کو سرعام بولی لگا کر فروخت کرتے تھے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی رہنماء صوبائی وزیر پی ایچ ای، واسا حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ ماضی میں نام نہاد اور مسترد شدہ قوم پرست ومذہبی جماعتوں نے اپنے دور اقتدار میں صوبے کے وسائل اور قومی خزانے کو مال تیمت سمجھ کر دونوں سے لوٹ کر صوبے کو کنگال کردیا تھا موجودہ صوبائی حکومت نے اقتدار سنبھالنے کے بعد صوبے کے تمام سرکاری اداروں کی بحالی، کرپشن وکمیشن کا خاتمہ میرٹ کی بحالی پر کیلئے اقدامات کا آغاز

تفصیل نمبر 36 صفحہ 3 پر

اسسٹنٹ کمشنر چمن ذکا اللہ درانی چمن شہر میں مارکیٹوں اور دکانوں پر اشیاء خورد ونوش چیک کررہے ہیں

آرائیں محلہ، شاہ پوسٹ، ہاڑ محلہ کے لیے نئے 200 کے وی ٹرانسفارمر کا بندوبست خوش آئند ہے، اہلیان علاقہ

گنداواہ (نامہ نگار) ضلعی جنرل سیکرٹری پی اے پی میر اسلم خان گمسی کی کوششوں و نشاندہی پر صوبائی وزیر آبپاشی نوبزادہ طارق خان گمسی صاحب نے آرائیں محلہ، شاہ پوسٹ، ہاڑ محلہ کے لیے نئے 200 کے وی ٹرانسفارمر کا

تفصیل نمبر 50 صفحہ 3 پر

زیارت میں گھریلو رنجش پر فائرنگ سے تین بھائی زخمی

کوئٹہ (این این آئی) زیارت میں گھریلو رنجش پر فائرنگ سے تین بھائی زخمی، لیویز حکام کے مطابق بدھ کو زیارت کے علاقے چیدو کے مقام پر بسم اللہ نامی شخص نے گھریلو رنجش پر فائرنگ کرکے اپنے تین بھائیوں کو زخمی کردیا لیویز

تفصیل نمبر 55 صفحہ 3 پر

سینیٹر میر کبیر احمد محمد شہی جیسے قوم پرست کی کوششوں سے جعلی ڈومیسائل اور لوکل کے حوالے سے کاروائی ہورہی ہے

منگچر (نامہ نگار) سینیٹر میر کبیر احمد محمد شہی جیسے قوم پرست کی کوششوں سے جعلی ڈومیسائل اور لوکل کے حوالے سے کاروائی ہورہی ہے موصوف نے سینیٹ میں یہ مسئلہ اٹھایا ایک قابل تحسین اقدام ہے بلوچستان میں بے روزگاری عروج پر ہے اور صوبے کے وفاقی محکموں کے کوٹے پر غیر مقامی بھرتیاں ہوتے رہے ہیں بلوچستان کے نوجوانوں کے کوٹے پر غیر مقامی افراد کی بھرتیاں قابل مذمت ہے ان خیالات کا اظہار نیشنل پارٹی ضلع قلات ضلعی آرگنائزر میر عبدالستار رودینی محمد اقبال حسنی کا مریڈ ظہور

تفصیل نمبر 57 صفحہ 3 پر

عبداللہ صابر کے گھر پر پولیس کا چھاپہ، مار کر چادر اور چار دیواری کے تقدس کو پامال کیا گیا، رحیم کاکڑ

عبداللہ صابر سارا دن بازار میں تاجروں کے مسائل حل کرنے کے لیے دن رات جدوجہد کرتے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) مرکزی انجمن تاجران بلوچستان کے صدر عبدالرحیم کاکڑ، حضرت علی ایڈوکیٹ، سید عبدالقیوم آغا، میر یاسین مینگل، عبداللہ ایڈوکیٹ، حاجی خدائے دوست، سید نعمت آغا سعید خان، سید عبدالخالق آغا، شاہجہان ترین، مرکزی انجمن تاجران قلعہ سیف اللہ کے

تفصیل نمبر 48 صفحہ 3 پر

سوئی سدرن گیس کمپنی کے دفتر کی بندش سے گیس صارفین کی مشکلات میں اضافہ

شہریوں کی آئے روز گیس بل اور گیس کنکشن کے مسائل کے حوالے سے گیس دفاتر کے چکر لگانے پر مجبور ہیں

کوئٹہ (آن لائن) سوئی سدرن گیس کمپنی کے دفتر کی بندش سے گیس صارفین کی مشکلات میں اضافہ شہریوں کی آئے روز گیس بل اور گیس کنکشن کے مسائل کے حوالے سے گیس دفاتر کے چکر لگانے پر مجبور ہیں شہریوں کا سوئی سدرن گیس دفتر کے باہر احتجاج، صارفین کی مشکلات

تفصیل نمبر 49 صفحہ 3 پر

نصیر آباد ڈی ایس ایم جعفر آباد شاہ جہاں مینگل کی نگرانی ٹیلی ہیلتھ سینٹر میں مریضوں کا چیک اپ کیا جارہا ہے

عمران خان کے سلیکٹڈ احتساب نے احتسابی عمل کو داغدار کردیا، پاسبان

وزیراعظم نے اپنے ساتھیوں کو بچانے کیلئے نیب کے پر کاٹ دیئے، جہانگیر ترین کو ملک سے باہر جانے دیا

کراچی (این این آئی) پاسبان ڈیموکریٹک پارٹی کے جوائنٹ سیکریٹری طارق چانڈیو والا نے کہا ہے کہ عمران خان کے سلیکٹڈ احتساب نے کرپٹ مافیا کو تحفظ اور ملک میں حقیقی احتساب کے عمل کو روک دیا ہے۔ وزیراعظم نے اپنے ساتھیوں کو بچانے کیلئے نیب کے پر کاٹ دیئے، جہانگیر ترین کو ملک سے باہر جانے دیا۔ جب حکومتی لوٹ مار کرنے والے لندن میں موجیں کررہے ہوں تو اپوزیشن کے بیرون ملک فرار ہوا اپنے کا کوئی اخلاقی جواز نہیں رہ جاتا ہے۔ حکومت کی یکطرفہ کارروائیوں سے کرپٹ مافیا کو تحفظ ملا۔ احتساب کے بغیر ملک کا کوئی مستقبل نہیں ہے۔ احتسابی عمل کو کسی صورت میں داغدار نہیں بننا چاہیے۔

گورنر بیکٹریٹ بلوچستان کوئٹہ سے ضلع بذا کے (188) افراد کے لوکل/ڈومیسائل سرٹیفکیٹ کی تصدیق از ریکارڈ دفتر بذا موصول

(136) افراد کے لوکل/ڈومیسائل سرٹیفکیٹ کی تصدیق ریکارڈ دفتر بذا سے ہوچکی ہے

زیارت (ن ح ن) ڈپٹی کمشنر زیارت کے اعلامیہ کے مطابق دفتر بذا کو گورنر سیکرٹریٹ بلوچستان کوئٹہ سے ضلع بذا کے (188) افراد کے لوکل/ڈومیسائل سرٹیفکیٹ کی تصدیق از ریکارڈ دفتر موصول ہوئے جس میں سے (136) افراد کے لوکل/ڈومیسائل سرٹیفکیٹ کی تصدیق ریکارڈ دفتر بذا سے ہوچکی ہے جبکہ بقایا (44) افراد کے لوکل/ڈومیسائل کا ریکارڈ خاموش ہے جن کے نام بمعہ

تفصیل نمبر 58 صفحہ 3 پر

چیف سیکرٹری بلوچستان کیپٹن (ر) فضیل اصغر پاک افغان بارڈر کے سلسلے میں سب کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

ڈیرہ باسماعیل خان، خواتین کے تنازعہ پر فائرنگ، ایک شخص جاں بحق

ڈیرہ اسماعیل خان (این این آئی) خواتین کے تنازعہ پر نیو سبزی منڈی کے قریب فائرنگ سے رتہ کلاچی کے رہائشی دو افراد کی فائرنگ سے دو اشخاص مردہ جاں بحق جبکہ انشاء اللہ

تفصیل نمبر 63 صفحہ 3 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان کی جانب سے زمینوں کی بندر بانٹ پر نوٹس لینا خوش آئند اقدام ہے، رؤف خان ساسولی

رشوت لیکر جعل سازی کے ذریعے حب، گنداؤ، ساکران وندر اور گوادر میں جو زمینیں الاٹ منٹ کرائی گئی

لسبیلہ (این این آئی) جمہوری وطن پارٹی کے سابق مرکزی سیکرٹری جنرل وبلوچ بزرگ رہنماء رؤف خان ساسولی نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان کی جانب سے زمینوں کی بندر بانٹ پر نوٹس لینا خوش آئند اقدام ہے رشوت لیکر جعل سازی کے ذریعے حب، گنداؤ، ساکران وندر اور گوادر

تفصیل نمبر 64 صفحہ 3 پر

غیر متحدہ اپوزیشن جتنی ایڑھیاں رگڑلے، حکومت اپنی آئینی مدت پوری کرے گی، فیاض الحسن چوہان

فضل الرحمان ایک دفعہ پھر اے پی سی کے ذریعے عوام کو بے وقوف بنانے کی ناکام کوشش کرنے جارہے ہیں

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر اطلاعات فیاض الحسن چوہان نے کہا ہے کہ مولانا فضل الرحمان ایک دفعہ پھر اے پی سی کے ذریعے متحدہ اپوزیشن اور عوام کو بے وقوف بنانے کی ناکام کوشش کرنے جارہے ہیں۔ صوبائی وزیر اطلاعات فیاض الحسن چوہان نے مولانا فضل الرحمن کی جانب سے اے پی سی بلائے جانے پر ردعمل دیتے ہوئے کہا کہ غیر متحدہ اپوزیشن جتنی ایڑھیاں رگڑلے، حکومت اپنی آئینی مدت پوری کرے

کے الیکٹرک کا قبلہ درست کرنے کا وقت آچکا ہے، پی ٹی آئی کراچی

بارشوں میں جانی نقصان کا کیس کے الیکٹرک کے خلاف درج کیا جائے، خرم شیر زمان

کراچی (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کراچی کا کے الیکٹرک کے دفتر کے باہر اوور بلنگ اور لوڈشیڈنگ کے خلاف تیسرے روز بھی دھرنہ جاری دھرنے میں اراکین قومی وصوبائی اسمبلی کی شرکت پی ٹی آئی کراچی کے صدر خرم شیر زمان نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ کے الیکٹرک لاک ڈاؤن کے دوران بھی عوام کے معاشی قتل عام سے باز نہیں آیا بارشوں کے دوران

تفصیل نمبر 65 صفحہ 3 پر

مسلم لیگ (ن) بلوچستان اور ڈسٹرکٹ میں انٹرا پارٹی الیکشن غیر قانونی اور غیر آئینی تھے، میر اصغر مری

قائدین بلوچستان میں مسلم لیگ (ن) کو مزید تقسیم اور تباہی سے بچانے کیلئے فوری اور سنجیدہ اقدامات نہیں اٹھائیں

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کور کمیٹی بلوچستان کے رہنماؤں نے مسلم لیگ (ن) بلوچستان اور ڈسٹرکٹ میں انٹرا پارٹی الیکشن کو جعلی اور غیر قانونی قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ مرکزی قیادت اور سینئر قائدین نے بلوچستان میں مسلم لیگ (ن) کو مزید تقسیم اور تباہی سے بچانے کیلئے فوری اور سنجیدہ اقدامات نہیں اٹھائے تو ہم بلوچستان کے تمام اضلاع کے کونسل ممبران اجلاس بلا کر راست اقدام اٹھانے پر مجبور ہونگے

پہلا آل قلات منگچر سردار زادہ سمیع لانگو کرکٹ ٹورنامنٹ کے سلسلے میں چار شاندار میچ کھیلے گئے

پہلا میچ چھپر سکول کلب بمقابلہ شہید قیوم کلب کے درمیان کھیلا گیا

منگچر (نامہ نگار) پہلا آل قلات منگچر سردار زادہ سمیع لانگو کرکٹ ٹورنامنٹ کے سلسلے میں چار شاندار میچ کھیلے گئے پہلا میچ چھپر سکول کلب بمقابلہ شہید قیوم کلب کے درمیان کھیلا گیا شہید قیوم کلب پہلے کھیلتے ہوئے مقررہ اوورز میں 175 رنز پانچ وکٹوں کے نقصان پر کیا چھپر اسکول کلب نے صرف 93 رنز پر آل آؤٹ ہوا میچ شہید قیوم نے 82 رنز سے جیت لیا دوسرا شاندار میچ شہید سیف اللہ کلب

تفصیل نمبر 68 صفحہ 3 پر

حکومت کی بنیادی سہولیات کی فراہمی صرف کاغذوں تک محدود ہے، بلوچستان نیشنل پارٹی

مین کراچی روڈ کی خستہ حالی کی وجہ سے پورے روڈ میں بڑے بڑے گھڑے بن چکے ہیں، ممبر مرکزی کمیٹی بلوچستان نیشنل پارٹی

گندا پانی، وبا، بارشوں کا پانی جمع ہونے سے چھوٹی گاڑیوں کے علاوہ پیدل چلنا محال ہوجاتا ہے اور علاقے کے لوگوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے، تمام نبی مری

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی کمیٹی کے ممبر غلام نبی مری نے مین کراچی روڈ بزار گنجی کے منصوبے کو صوبائی پی ایس ڈی پی سے نکالنے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ صوبائی بجٹ کو عوام دوست قرار دینے والی حکومت کوئٹہ شہر کے صنعتی حب بزار گنجی اور سریاب کیلئے شامل منصوبے کو بھی پی ایس ڈی پی سے نکال پھینکے، کراچی روڈ جو گاڑی خان چوک سے بزار گنجی تک لوگوں کیلئے سفر کا ایک بہتر ذریعہ تھا لیکن گزشتہ کئی عرصے سے نوٹ پوٹ

تفصیل نمبر 38 صفحہ 3 پر

صوبائی وزیر خزانہ میر ظہور بلیدی انڈیو بکل لینڈ کے دفتر کے دورے کے موقع پر یونیسکو کے اشتراک سے منعقد ہونیوالے آن لائن سیشن میں شریک ہیں

وفاقی وزیر تعلیم کے پرائیویٹ سکولوں کو مزید دو ماہ تک بند رکھنے کے فیصلے کو مسترد کرتے ہیں، محمد نواز پندرانی

ملک بھر کی پرائیویٹ سکولز ایسوسی ایشنز سے رابطے کے بعد ملک گیر احتجاج کا اعلان کریں گے، اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (این این آئی) آل بلوچستان پروگریسو پرائیویٹ سکولز ایسوسی ایشن، آل بلوچستان اقرا پروگریسو پرائیویٹ سکولز ایسوسی ایشن آل بلوچستان فرنچائیز پروگریسو پرائیویٹ سکولز ایسوسی ایشن کے صوبائی صدور اور عہدیداروں کا ایک ہنگامی اجلاس بدھ کو صوبائی صدر محمد نواز پندرانی کی زیر صدارت منعقد ہوا اجلاس میں حافظ نعمت اللہ خان کاکڑ، محمد نعیم، اصغر عمر فاروق ایڈوکیٹ، قاری محمد فیصل، عبدالرحمن لوتی، پروفیسر محمد ابراہیم ایڈوکیٹ، عبداللہ صرکھوب، عبدالغفور مندوخیل، محمد نبی جوگیزئی، شرف الدین مروانزئی، عبداللہ خان ایڈوکیٹ، حافظ محمد قاسم ایڈوکیٹ، قطب خان، انور احمد مشوانی، جعفر

تفصیل نمبر 39 صفحہ 3 پر

پیپلز پارٹی ملک کی واحد جماعت ہے جو مکمل جمہوریت پر یقین رکھتی ہے، نورالدین کاکڑ

اٹھارویں آئینی ترمیم میں تبدیلی یکجہتی وملکی سالمیت کے لیے خطرناک ثابت ہوگی، صدر پیپلز پارٹی کوئٹہ سٹی

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کوئٹہ سٹی کے صدر نورالدین کاکڑ اور جنرل سیکرٹری لالا سلطان قریشی نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی اس ملک کی واحد جماعت ہے جو مکمل جمہوریت پر یقین رکھتی ہے، اٹھارویں آئینی ترمیم میں تبدیلی یکجہتی وملکی سالمیت کے لیے خطرناک ثابت ہوگی اور سیاسی وآئینی بحران پیدا ہوگا، ملک میں معاشی بدحالی انتہا کو پہنچ چکی ہے، ملکی و عوامی مسائل میں کمی

تفصیل نمبر 40 صفحہ 3 پر

ضلع موسیٰ خیل سے جعلی لوکل ڈومیسائل کے ذریعے سینکڑوں افراد کی تعیناتیاں ناقابل برداشت ہیں

ضلع موسیٰ خیل کی انتظامی خرابیوں میں ڈی سی کا بڑا کردار ہے، جے یو آئی بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی پریس ریلیز میں وفاقی وصوبائی محکموں میں بلوچستان کے کوٹے پر ضلع موسیٰ خیل سے جعلی لوکل ڈومیسائل کے ذریعے سینکڑوں افراد کی تعیناتیاں ناقابل برداشت ہیں، انتظامی خرابیوں میں ڈی سی موسیٰ خیل کا بڑا کردار ہے ان کے خلاف کاروائی ہونی چاہیے ان کی غلط روش کی وجہ سے بہت سے معاملات خراب ہوچکے ہیں، اس کے علاوہ نشین قلعہ سیف اللہ اور دیگر تنوبی

تفصیل نمبر 43 صفحہ 3 پر

سعودی عرب، 116 خصوصی پروازوں کے ذریعے 23 ہزار 360 پاکستانیوں کو وطن پہنچایا گیا

ریاض (این این آئی) سعودی عرب میں پاکستانی سفارت خانے کی کوششوں سے 116 خصوصی پروازوں کے ذریعے 23 ہزار 360 پاکستانیوں کو وطن پہنچایا گیا۔ سعودی عرب میں پاکستانی سفیر راجہ علی اعجاز نے اپنے ٹوئٹ پیغام میں کہا کہ اب تک سعودی عرب میں پاکستانی سفارت

تفصیل نمبر 44 صفحہ 3 پر

کوئٹہ ایڈمنسٹریٹر طارق جاوید مینگل کے ہدایات کے مطابق میونسپل مجسٹریٹ عبدالباسط بزدار اور عمران کاکڑ پولیتھین پلاسٹک بیگ استعمال کرنیوالوں کیخلاف کارروائی کیا جارہا ہے

موجودہ وفاقی حکومت کی کارکردگی انتہائی مایوس کن ہے، سردار زادہ نعمان خان ناصر

عوام حکومت کی مایوس کن کارکردگی سے مایوس ہوچکے ہیں، رہنماء مسلم لیگ (ن)

لورالائی (این این آئی) مسلم لیگ ن کے صوبائی سینئر نائب صدر سردار زادہ نعمان خان ناصر نے کہا ہے کہ موجودہ وفاقی حکومت کی کارکردگی انتہائی مایوس کن ہے پانچ مہینوں میں حکومت نے عوام کی ترقی کیلئے کوئی کام نہیں کیا عوام حکومت کی مایوس کن کارکردگی سے مایوس ہوچکے ہیں انہوں نے کہا کہ پی ٹی اے کے پالیسیوں کے جعلی ڈگریوں کی وجہ سے دنیا بھر میں بدنام ہورہا ہے اور یورپی

تفصیل نمبر 41 صفحہ 3 پر

ٹرانسفر پوسٹنگ ملازمت کا حصہ ہے، کمشنر نصیر آباد شہاب عظیم لہڑی

کوشش ہونی چاہیے جہاں پوسٹنگ ہو وہاں عوام کی زیادہ سے زیادہ خدمت کو یقینی بنایا جائے

نصیر آباد (ن ح ن) کمشنر نصیر آباد ڈویژن عابد سلیم قریشی اور ڈی آئی جی نصیر آباد رینج شہاب عظیم لہڑی نے کہا ہے کہ ٹرانسفر پوسٹنگ ملازمت کا ایک حصہ ہے ہم سب کی کوشش ہونی چاہیے کہ جہاں بھی ہماری پوسٹنگ ہو وہاں کی عوام کی زیادہ سے زیادہ خدمت کو یقینی بنایا جائے ہم سب کو عوام کی خدمت کرنے اور ان کے مسائل احسن انداز سے حل کرنے کے لئے ذمہ داریاں سونپی جاتی ہیں ہماری پوری توجہ خلق خدا کی بلا امتیاز خدمت کرنے پر ہونی چاہیے پولیس کے جوانوں اور آفیسران نے علاقے میں امن امان کی بحالی کیلئے گراں قدر خدمات سرانجام دے رہے ہیں اور عوام کو پرسکون ماحول کی فراہمی کیلئے اپنی جانوں کی قربانی سے بھی دریغ نہیں کیا نصیر آباد کو امن کا گہوارہ بنانے کیلئے آفیسران کی رہنمائی بھی ناقابل فراموش ہیں۔

آصف جمالدینی کا پی اے پی میں شمولیت سے خضدار میں پارٹی مزید مضبوط ہوگا، مرزا خان لانگو

خضدار (نامہ نگار) نال بلوچستان عوامی پارٹی نال کے آرگنائزر حاجی مرزا خان لانگو ڈپٹی آرگنائزر انجینئر آصف بلوچ خضدار کے آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن فیض محمد محمد حسان شاہوزائی ماسٹر غلام مصطفےٰ بارونی یار محمد لانگو احمد وقار استاد

تفصیل نمبر 42 صفحہ 3 پر

اسسٹنٹ کمشنر چمن کا ایس ایچ او ٹی پولیس چمن اور لیویز کے ہمراہ شہر کے مارکیٹوں اور دکانوں پر چھاپے

چمن (نامہ نگار) اسسٹنٹ کمشنر چمن ذکا اللہ درانی نے ایس ایچ او ٹی پولیس چمن اور لیویز کے ہمراہ شہر کے مختلف مارکیٹوں اور دکانوں پر چھاپے مارے اور مضر صحت کوکنگ آئلز بغیر ٹیگ کرنے کے لیے قبضے میں لیا۔ قبل ازیں دکانداروں کو بذریعہ نوٹس متنبہ کیا گیا تھا کہ نو لیٹ ایکسپائرڈ مضر صحت، ممنوع اور زائد المیعاد اشیاء خورد ونوش کو ہرگز فروخت

تفصیل نمبر 47 صفحہ 3 پر

صحت کے مسائل حل کرنے کیلئے بھرپور اقدامات کررہے ہیں، دوستین جمالدینی

کورونا کے خاتمے کیلئے حکومت سنجیدہ ہے ہم کوشش کرینگے کہ سول ہسپتال بیلہ کے تمام مسائل حل کریں، سیکرٹری صحت بلوچستان

حکومت بلوچستان نے ہیلتھ سیکٹر کے لیے کافی فنڈز فراہم کیئے ہیں جس سے ہیلتھ سیکٹر میں نمایاں بہتری آئے گی

اوتھل (این این آئی) حکومت بلوچستان صحت کے مسائل کے حل کرنے کے لیے بھرپور اقدامات کر رہی ہے کورونا کے خاتمے کیلئے حکومت سنجیدہ ہے ہم کوشش کرینگے کہ سول ہسپتال بیلہ کے تمام مسائل حل کریں ان خیالات کا اظہار سیکرٹری صحت بلوچستان دوستین جمالدینی نے بدھ کے روز سول ہسپتال بیلہ کے دورے کے بعد میڈیکل پریس کلب بیلہ کے صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کا کہنا تھا ہماری خواہش ہے کہ بلوچستان بھر کی اسپتالوں میں تمام تر سہولیات میسر ہوں سول اسپتال بیلا کے تمام مسائل حل ہوں انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان نے ہیلتھ سیکٹر کے لیے کافی فنڈز فراہم

تفصیل نمبر 35 صفحہ 3 پر

کوئٹہ صوبائی سیکرٹری خوراک نور احمد پرکانی وائٹ روڈ پر قائم گودام کا دورہ کررہے ہیں

یوفون نیٹ ورک صارفین کے لیے دردسر بن گیا ہے

خضدار (نامہ نگار) یوفون نیٹ ورک صارفین کے لیے دردسر بن گیا ہے۔ نال زیری زیری وڈ دھبر آس پاس کے تمام علاقوں میں بالکل نہ ہونے کے برابر ہے جب سے فوری کا کیک کاٹا گیا ہے تب سے 2 جی نے کام کرنا چھوڑ دیا ہے اب صرف جی جی کا نام رہ گیا ہے۔ یوفون لاجواب

تفصیل نمبر 52 صفحہ 3 پر

ایس ایس پی نصیر آباد عرفان بشیر اپنے فرائض انتہائی ایمانداری سے سرانجام دے رہے ہیں، ارباب ناصر حیدر کاکڑ

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان یوتھ ہیومنٹ کے چیئرمین ارباب ناصر حیدر کاکڑ نے اپنے ایک بیان میں ایس ایس پی نصیر آباد کو بحیثیت ضلعی پولیس سربراہ بہترین قیادتی خدمات سرانجام دینے پر خراج تحسین پیش کرتے ہوئے

تفصیل نمبر 54 صفحہ 3 پر

تحصیلہ جلبہ اسلام عملی تربیت کا نظام ہے جو کردار کے غازی پیدا کررہے ہیں، حافظ حبیب اللہ

عملی تربیت کیلئے ماحول اور سوسائٹی ہی اصل کردار ادا کرتے ہیں، محی الدین

خضدار (نامہ نگار) جمعیت علماء اسلام ضلع پشین کے صدر حافظ حبیب اللہ، جنرل سیکرٹری محی الدین، حافظ احسان اللہ، اکرام الدین، محمد یوسف نعمانی، یاسر عرفات، زین اللہ، عطاء اللہ، انعام اللہ صداقت اور دیگر نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہیں کہ عملی تربیت کیلئے ماحول اور سوسائٹی ہی اصل کردار ادا کرتے ہیں اچھے بھلے، صحیح الفکر، باعمل اور متقی شخص کو اگر گندے ماحول میں رہنے پر مجبور کیا جائے تو اسکا دامن بھی ماحول کی آلودگیوں کو سمیٹ لے گا لیکن اگر بدترین اخلاق وکردار کا حامل

تفصیل نمبر 51 صفحہ 3 پر

بربان وانی کو تاریخ میں بہادر شخصیت کے طور پر یاد رکھا جائے گا، شہباز شریف

بربان وانی کا تاریخ میں نام حریت کی جدوجہد میں سنہری حروف سے لکھا جائے گا

لاہور (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے صدر شہباز شریف نے بربان وانی شہید کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ بربان وانی کو تاریخ میں بہادر شخصیت کے طور پر یاد رکھا جائے گا جب مقبوضہ کشمیر میں ہندوستانی فاشزم کیخلاف مزاحمت کی تاریخ لکھی جائیگی تو بربان وانی کا نام سرفہرست ہوگا۔ بربان وانی کا تاریخ میں نام حریت کی جدوجہد میں سنہری حروف سے لکھا جائے گا۔ حریت

تفصیل نمبر 53 صفحہ 3 پر

میر محمد اسلم خان گمسی سید صفدر اکبر علی شاہ سے میر موران خان گمسی کی ملاقات

گنداواہ (نامہ نگار) درگاہ فتح پور شریف جنرل سیکرٹری بلوچستان عوامی پارٹی محمل گمسی میر محمد اسلم خان گمسی اور پی اے پی کے ضلعی راہنما، سابق ڈسٹرکٹ وائس چیئرمین سید صفدر اکبر علی شاہ سے میر موران خان گمسی کی ملاقات ملاقات

تفصیل نمبر 60 صفحہ 3 پر

منرل ریسورس یونیورسٹی ٹوکنڈی کا قیام وقت کی ضرورت ہے، سردار شوکت علی ایجبازئی

چیئرمین سینیٹ حاجی محمد صادق سنجرانی نے منظور کرکے اہل بلوچستان کیلئے اعلیٰ معیار کی درسگاہ کا خواب پورا ہوگا

ٹوکنڈی (این این آئی) قبائلی رہنما اس سابق یوی ناظم سردار شوکت علی ایجبازئی، سابق ضلعی نائب ناظم ملک محمد اعظم محمد زئی، سابق چیئرمین حاجی میر تاج محمد کہدانی، میر حاجی رفیق ساسولی، سابق کونسلر حاجی امان اللہ مینگل، سردار حاجی امان اللہ کہدانی، حاجی امین اللہ مینگل، میر رضا علی قادری، سردار محمد اسحاق محمد زئی، سردار عبدالحکیم بھائزئی، ملک محمد اشرف حسنزئی، میر ظاہر جان ایجبازئی، ملک سلطان عزیز ڈیکارزئی، ملک عبدالسلام کشانی، ڈاکٹر عبدالحکیم ایجبازئی، میر شہزاد خان ایجبازئی، میر قیوم

تفصیل نمبر 59 صفحہ 3 پر

صوبائی حکومت عوام کی نمائندہ حکومت نہیں، غلام مصطفیٰ کورار

تمبو (آن لائن) جمعیت علماء پاکستان کے ضلعی صدر غلام مصطفیٰ کورار نے کہا ہے کہ بلوچستان کی محرومیوں کے ازالے کا دعویٰ کرنے والوں نے وفاقی بجٹ میں بلوچستان کے بڑے ترقیاتی منصوبوں کو مسترد کرکے سوتیلے پن کا مظاہرہ کیا صوبائی حکومت عوام کی نمائندہ حکومت نہیں وزیراعلیٰ اور وزراء کی حیثیت نمائشی پتلوں کی ہیں جو دوسروں کے سہارے کھڑے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز اپنی رہائش گاہ پر جمعیت کے وفد سے

تفصیل نمبر 62 صفحہ 3 پر

صوبائی وفاقی حکومتوں نے ملازم کش بجٹ پیش کیا ہے جسے یکسر مسترد کرتے ہیں، حاجی سیف اللہ مری

تمام ملازمین کی تنخواہوں میں یکساں نظام قائم کی جائے چارٹر آف ڈیمانڈ سمیت دیگر مطالبات پر فوری عملدرآمد کیا جائے گا

ملک کی 73 سالہ تاریخ میں پہلی بار بجٹ میں سرکاری ملازمین کو نظر انداز کردیا گیا، شرکاء سے خطاب

کوہلو (این این آئی) آل پاکستان کلرکس ایسوسی ایشن کے صوبائی کال پر کو